ABC CERTIFEID

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعرات 10 ستمبر 2026ء، 27 ربیع الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 08

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

1 ہفتہ میں پیٹرول 22، ڈیزل 16 روپے مہنگا

پیٹرول کی نئی قیمت 367 روپے 75 پیسے، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت بڑھ کر 392 روپے 67 پیسے لٹر ہوگئی، اوگرا کا نوٹیفکیشن جاری

روزانہ قیمتوں میں ردوبدل نے عوام میں شدید تشویش پیدا کردی، مہنگے ایندھن کے اثرات اشیائے خورونوش، ٹرانسپورٹ کرایوں پر بھی پڑنے لگے

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) اگر یکم ستمبر سے 9 ستمبر 2026 تک کے سرکاری نرخوں کا جائزہ لیا جائے تو پٹرول اور ڈیزل میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پٹرول یکم ستمبر: 79.342 روپے فی لیٹر جبکہ گزشتہ روز 9 ستمبر: 35.364 روپے فی لیٹر مجموعی اضافہ: 56.21 روپے فی لیٹر بنتا ہے اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل یکم ستمبر: 41.370 روپے فی لیٹر تھا اور 9 ستمبر: 95.385 روپے فی لیٹر مجموعی اضافہ: 54.15 روپے فی لیٹر بنتا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ صرف ایک ہفتے کے دوران پٹرول کی قیمت میں 21 روپے 56 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 15 روپے 54 پیسے فی لیٹر اضافہ ہو چکا ہے۔ روزانہ بنیادوں پر قیمتوں میں ردوبدل نے عوام، ٹرانسپورٹرز اور کاروباری حلقوں میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ مہنگے ایندھن کے اثرات اشیائے خورونوش، ٹرانسپورٹ کرایوں اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیا پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

لندن، صدر آصف زرداری وطن واپسی کے لیے روانہ ہو رہے ہیں

صدر زرداری لندن سے خصوصی طیارے پر پاکستان کیلئے روانہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری لندن میں ایک ہفتے سے زائد قیام کے بعد خصوصی طیارے پر پاکستان کے لیے روانہ ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت لندن سے نجی کمپنی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

تعلیمی اداروں میں انرجی ڈرنکس پر پابندی اور جرمانے کا بل منظور

خلاف ورزی کرنیوالے کو پہلی مرتبہ ایک لاکھ دوسری مرتبہ 2 لاکھ تک جرمانہ ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے تعلیمی اداروں میں انرجی ڈرنکس پر پابندی اور خلاف ورزی پر ایک لاکھ روپے تک جرمانے کا بل منظور کرلیا۔ سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا اجلاس بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا، جس میں سینیٹر ثمینہ زہری کا تجویز کردہ اسلام آباد کیپیٹل ٹیرٹری فوڈ سیفٹی ترمیمی بل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر عاصم افتخار سیکریٹری خارجہ مقرر

آمنہ بلوچ کی خدمات قابل تحسین، ترکیہ میں سفیر ہوں گی، اسحاق ڈار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سیکریٹری خارجہ آمنہ بلوچ 17 ستمبر کو اپنے عہدے سے ریٹائر ہوں گی اور ان کی جگہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے سفیر عاصم افتخار احمد کو نیا سیکریٹری خارجہ مقرر کیا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیراعظم اسحاق ڈار نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

27 ستمبر مارچ میں اپوزیشن جماعتیں بھی شامل ہونگی، بیرسٹر گوہر

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ پُرامن ہوگا اور یہ صرف انصاف مارچ ہوگا، تمام اپوزیشن جماعتوں کو مارچ میں شرکت کی دعوت دی ہے اس میں نہ تو انتشار ہوگا اور نہ سرکاری وسائل استعمال ہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کامیاب کارروائیاں، بھارتی حمایت یافتہ 11 دہشتگرد ہلاک

آپریشن میں 9.2 ٹن دھماکا خیز مواد برآمد، قبضے میں لیا گیا دھماکا خیز مواد دیسی ساختہ بم بنانے کے لئے استعمال کیا جارہا تھا

ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (صباح نیوز) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 11 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں آپریشنز کئے، دوران آپریشنز 11 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق خاران میں دہشت گردوں نے سڑک بلاک کر کے مقامی ٹریفک متاثر کرنے کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، دوسری کارروائی واشک میں کی گئی جہاں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کیا گیا، آپریشن میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 دہشت گرد ہلاک ہوئے، فورسز نے 2۔9 ٹن دھماکا خیز مواد قبضے میں لے لیا، قبضے میں لیا گیا دھماکا خیز مواد دیسی ساختہ بم بنانے کے لئے استعمال کیا جارہا تھا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ علاقے میں ممکنہ دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعظم ریاست آزاد کشمیر افتخار گیلانی ملاقات کر رہے اس موقع پر وفاقی وزراء بھی موجود ہیں

بھتہ ہے، مت دو، حکومت نے ریلیف نہ دیا تو آج اسلام آباد لانگ مارچ کا اعلان کرینگے، حافظ نعیم الرحمن

پیٹرول لیوی کا تعلق حکومتی نااہلی، شاہ خرچیوں اور معاشی پالیسیوں سے ہے، امیر جماعت اسلامی

حکومت کو دی گئی تجاویز میں سب سے پہلی تجویز پالیسی ریٹ (شرح سود) کم کرنے کی ہے، پریس کانفرنس

کراچی (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس و دیگر ٹیکسز کا تعلق عالمی یا مقامی مارکیٹ سے نہیں بلکہ حکومتی نااہلی، شاہ خرچیوں اور معاشی پالیسیوں سے ہے، 10 ستمبر کو حکومتی مذاکراتی ٹیم سے ملاقات میں عوام کو ریلیف کا واضح اعلان نہ کیا گیا تو اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کا اعلان کریں گے۔ حکومت کو دی گئی تجاویز میں سب سے پہلی تجویز پالیسی ریٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

برطانیہ کی اسرائیل مخالف پابندیاں اہم ہیں، ایمنسٹی انٹرنیشنل

لندن (آئی این پی) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے اسرائیلی غیر قانونی بستیوں کے خلاف برطانیہ کی پابندیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسرائیل مخالف پابندیوں کو اہم قرار دے دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق ایمنسٹی انٹرنیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

7 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کی منظوری

گندم کی ترسیل کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں پر سی ایف آر کی بنیاد پر کی جائے گی

کراچی (آئی این پی) حکومت نے 7 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کی باقاعدہ منظوری دیدی۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے گندم کی درآمد کیلئے بین الاقوامی ٹینڈر جاری کردیا۔ ٹی سی پی کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم تازہ ترین فصل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

یوسف گیلانی سے سینیٹر نورالحق قادری اور اعظم سواتی کی ملاقاتیں

اسلام آباد (اے پی پی): قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے ایوان صدر میں سابق وفاقی وزراء سینیٹر نورالحق قادری اور سینیٹر اعظم خان سواتی نے الگ الگ ملاقاتیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسرائیل کا برطانیہ پر پابندیاں لگانے کا اعلان

یروشلم میں قائم برطانوی قونصل خانہ بھی بند کر دیا جائے گا، صیہونی وزیر خارجہ

لندن (صباح نیوز) برطانیہ کی جانب سے مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیوں پر پابندیوں کے اعلان کے بعد اسرائیل نے جوابی اقدامات کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ یروشلم میں قائم برطانوی قونصل خانہ بھی بند کر دیا جائے گا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسرائیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

سینیٹ قائمہ کمیٹی اجلاس: عابد شیر علی اور ایمل ولی میں تلخ کلامی

طریقے سے بات کریں، لیگی رہنما: آپ مجھے سکھائیں گے؟ صدر اے این پی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں عابد شیر علی اور ایمل ولی خان آپس میں الجھ پڑے۔ کمیٹی اجلاس میں عابد شیر علی اور ایمل ولی خان کی نوک جھونک اور تلخ کلامی ہوئی، عابد شیر علی نے ایمل ولی سے کہا مجھے فرق نہیں پڑتا، میں کوئی غلط بات نہیں کر رہا، آپ طریقے سے بات کریں۔ ایمل ولی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

وزیر مملکت عون چوہدری کا WWF سیکرٹریٹ کا دورہ

انتظامی امور، جاری فلاحی منصوبوں وسہولیات بارے بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (پ ر) وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی محمد عون چوہدری نے ورکرز ویلفیئر فنڈ سیکرٹریٹ اسلام آباد کا بدھ کے روز دورہ کیا سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد اور دیگر اعلیٰ افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت کو ورکرز ویلفیئر فنڈ کے انتظامی امور، جاری فلاحی منصوبوں اور صنعتی مزدوروں و ان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے نیوزی لینڈ کے ہائی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

امریکی حملے، ایران کا منہ توڑ جواب، اردن میں میزائلوں کی بارش، آبنائے ہرمز میں 10 بحری جہاز نشانہ

امریکا کے آئل ٹینکرز پر حملے کے بعد اردن میں امریکی فوجی اڈے کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا

آبنائے ہرمز میں دو امریکی بحری جہازوں اور آٹھ تیل بردار ٹینکروں کو نشانہ بنایا گیا، ایرانی سرکاری میڈیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے امریکی فورسز کی جانب سے 5 ایرانی آئل ٹینکرز کو نشانہ بنانے کے دعوے کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے متعدد میزائل داغنے کا دعویٰ کیا ہے جس سے خطے میں جاری کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے امریکا کے آئل ٹینکرز پر حملے کے بعد اردن کے ''الازرق'' میں واقع امریکی فوجی اڈے کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا ہے۔ اردن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی صاحبزادی کا نکاح 12 ستمبر کو ہوگا

جاتی امرا میں ہونے والی تقریب میں صرف خاندان کے افراد کو مدعو کیا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی صاحبزادی ماہ نور صفدر کے نکاح کی تاریخ سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق 24 سالہ ماہ نور صفدر کا نکاح 12 ستمبر کو جاتی امرا میں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق نکاح کی تقریب میں صرف خاندان کے افراد کو مدعو کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گزشتہ روز لندن میں ماہ نور صفدر کی گریجویشن کی تقریب میں شرکت کی تھی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بجلی کے بل پھر بڑھ گئے فی یونٹ 52 پیسے مہنگی

اسلام آباد (صباح نیوز) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 52 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی ہے۔ نیپرا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

عدالتی رعایت کو محض رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک، سپریم کورٹ

2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم، نظرثانی درخواست بھی مسترد کر دیے

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ نے وراثتی جائیداد کے مقدمے میں ریمارکس میں کہا ہے کہ عدالتی احکامات کی پابندی ہر صورت لازم ہے، عدالتی رعایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پائیدار قومی ترقی کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر، یوسف گیلانی

پاکستان کی تاریخ ہمیں خواتین کی طاقتور مثالیں فراہم کرتی ہے قائم مقام صدر

پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ): قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پائیدار قومی ترقی کے لئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، پاکستان کی جمہوری طاقت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جاسکتی جب تک خواتین اداروں، معیشت اور مستقبل کی تشکیل میں مساوی طور پر حصہ نہ لیں، مالیاتی ادارے خواتین کی مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی حملے، 5 ایرانی تیل بردار جہاز تباہ

امریکی ایف 35 اور ایف 15 طیاروں کے ہینگرز بھی زد میں آئے، پاسداران انقلاب

واشنگٹن، تہران (صباح نیوز) امریکی سینٹرل کمانڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی فورسز نے 5 ایرانی خام تیل بردار جہاز تباہ کر دیے۔ سینٹ کام کے مطابق یہ کارروائی ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے گزشتہ دو روز کے دوران امریکی بحری جنگی جہاز پر دو مرتبہ بیلسٹک میزائل حملوں کی کوشش کے بعد کی گئی۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کا کہنا ہے کہ جنگی جہاز نے دونوں حملوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

مہنگائی، بیروزگاری اور غربت کا حل نئے صوبے بنانا نہیں، بلاول

وزیر داخلہ محسن نقوی کے سسٹم فیل ہونے کے بیان پر قومی اسمبلی میں بحث کا مطالبہ

لندن (صباح نیوز) بلاول بھٹو نے محسن نقوی کے سسٹم فیل ہونے کے بیان پر قومی اسمبلی میں بحث کا مطالبہ کردیا۔ لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا مہنگائی، بیروزگاری اور غربت کا حل نئے صوبے بنانا نہیں جمہوریت اور عوامی طاقت ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی کا کہنا ہے کہ پنجاب اور سندھ اسمبلیوں میں متفقہ طور پر قراردادیں پاس کی ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

روس کا یوکرینی دارالحکومت کیف پر فضائی حملہ، 5 افراد ہلاک

کیف (صباح نیوز) روس نے تین روزہ وقفے کے بعد یوکرین کے دارالحکومت کیف پر میزائلوں اور ڈرونز سے دوبارہ بڑا فضائی حملہ کیا جس کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک اور 30 زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق حملوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یمن سے سعودیہ پر حملوں سے ممکنہ دفاعی معاہدہ آپریشنل ہوگا، خواجہ آصف

سہ فریقی معاہدہ کے مطابق ایک ملک پر جارحیت تین ممالک پر جارحیت تصور ہوگی، ہم مدد کے پابند ہیں، کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے

حملے قابل مذمت، شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، 73 افراد زخمی، بچے اور خواتین بھی شامل ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ یمن سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں سے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کا مشترکہ دفاعی معاہدہ آپریشنل ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ ہم معاہدے کے تحت مدد کرنے کے پابند ہیں، اس میں کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یمن سے سعودی عرب پر ہونے والے حملوں سے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضہ میں 28 فیصد اضافہ

3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، عائشہ فاروق

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان انسدادِ پولیو پروگرام نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ لسننگ سیشنز کے بعد یومیہ معاوضے میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا، معاوضے میں اضافے کا اطلاق آئندہ انسدادِ پولیو مہم سے ہوگا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ہانگ کانگ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال کا 11 ویں بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ کے شرکاء کیساتھ گروپ فوٹو

او جی ڈی سی ایل، سندھ میں گیس کی پیداوار شروع

لونڈا الی ون کنویں سے پیداوار کا آغاز، توانائی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی

کراچی (آئی این پی) او جی ڈی سی ایل نے سندھ میں گیس کی پیداوار شروع کردی۔ لونڈا الی ون کنویں سے گیس کی پیداوار کا آغاز ہوگیا، اس کنویں سے روزانہ 10 ملین مکعب فٹ گیس ملے گی۔ اس کنویں سے نکلنے والی گیس ایس ایس جی سی کو فراہم کی جائے گی، اس منصوبے میں چار کمپنیوں کی مشترکہ شراکت داری ہے جس میں او جی ڈی سی ایل بھی شریک ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مینا آفریدی کا پاسپورٹ ضبط، بلیک لسٹ کرنے کا حکم

انسداد دہشت گردی عدالت نے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیئے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کے واقعات کے مقدمات میں مطلوب خیبرپختونخواہ حکومت کے صوبائی وزیر مینا خان آفریدی کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا حکم دیتے ہوئے ان کا پاسپورٹ ضبط کرنے اور نام بلیک لسٹ میں شامل کرنے کا حکم دے دیا۔ اطلاعات کے مطابق کیس کی سماعت کے دوران انسدادِ دہشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اصلاحات، پورٹ قاسم کی عالمی رینکنگ میں بہتری

کراچی (آئی این پی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری امور کی موثر اصلاحات کے مثبت ثمرات کے سبب میری ٹائم سیکٹر میں بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کی بدولت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

حکومت رواں ماہ تیسری مرتبہ ایل این جی کارگو خریدنے میں ناکام

مقررہ وقت تک پی ایل ایل کو اس تیسرے ٹینڈر پر کوئی بھی بولی موصول نہیں ہوئی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کو ایل این جی کی خریداری کیلئے ٹینڈر پر کوئی بولی نہیں آئی۔ ملک میں بجلی کی پیداوار کیلئے مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کی درآمد کا معاملہ ایک بار پھر تعطل کا شکار ہوگیا۔ حکومت رواں ماہ کے دوران تیسری مرتبہ بھی ایل این جی کارگو خریدنے میں ناکام رہی ہے۔ پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) کے ذرائع کے مطابق تازہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

روزنامہ Daily SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088 : 0344-5335568 :
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

بھارت کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی بحالی ممکن بنائے!

پاکستان نے جموں وکشمیر سے متعلق بھارت کے بے بنیاد دعوے مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازعہ جموں وکشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے، جموں وکشمیر کا تنازعہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود بین الاقوامی تنازعات میں سے ایک ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جموں وکشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری سے ہونا چاہیے۔ رائے شماری اقوام متحدہ کی نگرانی میں متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونی چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے کہا کہ اقوام متحدہ کے سرکاری نقشوں میں جموں وکشمیر کو متنازعہ علاقہ ظاہر کیا گیا ہے۔ بھارت کے نام نہاد سرکاری نقشوں اور یکطرفہ خودمختاری کے دعوؤں کی کوئی حیثیت نہیں۔ پاکستان نے بین الاقوامی برادری سے بھارتی اقدامات کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں فوری بند کرے۔

ادھر، کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ بھارت منظم طریقے سے علاقے میں نوآبادیاتی نظام کی بنیاد رکھ رہا ہے جس سے مقامی آبادی، ثقافت اور سیاسی شناخت کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سری نگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کا نوآبادیاتی قبضہ 27 اکتوبر 1947ء کو سری نگر میں بھارتی فوجیوں کی غیر قانونی آمد کے ساتھ شروع ہوا۔ مقبوضہ جموں وکشمیر کو نوآبادیاتی طرز پر تبدیل کرنا طویل عرصے سے آر ایس ایس اور بی جے پی گٹھ جوڑ کے ایجنڈے میں شامل رہا ہے۔

بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف حیلوں بہانوں سے بین الاقوامی برادری کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتا رہا ہے کہ کشمیر اس کا اٹوٹ انگ ہے مگر زمینی حقائق، بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادیں اس دعوے کی نفی کرتی ہیں۔ یہاں یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے 1948ء اور اس کے بعد کے برسوں میں کشمیر سے متعلق متعدد قراردادیں منظور کیں جن میں واضح طور پر کہا گیا کہ ریاست جموں وکشمیر کے مستقبل کا فیصلہ وہاں کے عوام خود، ایک آزادانہ اور شفاف رائے شماری کے ذریعے کریں گے۔ بھارت نے ان قراردادوں پر عمل درآمد کی بجائے کشمیر پر اپنا غاصبانہ قبضہ برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن حربہ استعمال کیا۔ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے آئین کی دفعہ 370 اور 35 اے کو یکطرفہ طور پر ختم کرکے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کردی جو نہ صرف بین الاقوامی قانون بلکہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی تھی۔ اس اقدام کا مقصد کشمیر کی آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنا اور خطے میں آبادیاتی انجینئرنگ کے ذریعے کشمیریوں کو ان کی سرزمین میں اقلیت میں تبدیل کرنا تھا۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی وہ سرکاری نقشے بھی ہیں جو بھارت وقتاً فوقتاً جاری کرتا ہے اور جن میں مقبوضہ کشمیر کو بھارت کا حصہ ظاہر کیا جاتا ہے۔ ایسے نقشے محض کاغذی کارروائی ہیں، ان کی کوئی قانونی یا اخلاقی حیثیت نہیں اور دنیا کا کوئی بھی غیر جانبدار ادارہ انہیں تسلیم نہیں کرتا۔

پاکستان نے اپنے قیام کے پہلے دن سے ہی کشمیر کے تنازعہ پر ایک واضح، دوٹوک اور اصولی موقف اختیار کیا ہے۔ یہ موقف نہ کبھی تبدیل ہوا اور نہ ہی مستقبل میں تبدیل ہوگا کہ کشمیر کا حتمی فیصلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کی مرضی سے ہی ہوگا۔ پاکستان کا یہ موقف کسی جذباتی نعرے پر مبنی نہیں بلکہ بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق کے عالمی چارٹر اور اقوام متحدہ کے منشور کی روشنی میں استوار ہے۔ دنیا بھر کے آزادی پسند حلقے، انسانی حقوق کی تنظیمیں اور غیر جانبدار مبصرین بھی اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج کی جانب سے ہونے والی زیادتیاں بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی کے زمرے میں آتی ہیں۔

مقبوضہ جموں وکشمیر میں گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی مسلح افواج اور نیم فوجی دستوں نے وہاں کے نہتے شہریوں پر ظلم وتشدد کی وہ داستانیں رقم کی ہیں جن کی مثال جدید تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ ماورائے عدالت قتل، جھوٹے پولیس مقابلے، اجتماعی قبریں، گھروں کی تلاشی کے نام پر ہراسانی، نوجوانوں کی جبری گمشدگیاں اور صحافیوں وانسانی حقوق کے کارکنوں کے خلاف کالے قوانین کا استعمال۔ یہ سب مقبوضہ وادی میں معمول بن چکے ہیں۔ بھارتی حکومت نے کالے قوانین جیسے پبلک سیفٹی ایکٹ اور آرمڈ فورسز سپیشل پاورز ایکٹ کے ذریعے اپنی افواج کو ایسا تحفظ فراہم کر رکھا ہے کہ وہ کسی بھی جرم کے ارتکاب کے باوجود احتساب سے بالاتر رہتی ہیں۔ انٹرنیٹ کی طویل ترین بندش، کرفیو کی صورتحال، میڈیا پر پابندیاں اور بین الاقوامی مبصرین وصحافیوں کے داخلے پر پابندی یہ سب اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں اپنے مظالم کو دنیا کی نظروں سے چھپانا چاہتا ہے۔

یہ امر بھی قابلِ توجہ ہے کہ بھارت کی جابرانہ اور متعصّبانہ پالیسیاں صرف مقبوضہ کشمیر تک محدود نہیں بلکہ بھارت کے اندر بسنے والی مذہبی اقلیتیں، بالخصوص مسلمان، مسیحی اور دلت برادری بھی انتہا پسند ہندو نظریے کی نذر ہورہی ہیں۔ شہریت ترمیمی قانون، گھروں کی مسماری کی مہم، اور اب لنچنگ کے واقعات اور اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز بیانات یہ سب اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ بھارت میں سیکولرازم کا لبادہ اوڑھے ایک ایسا نظام قائم ہو چکا ہے جو اپنے ہی شہریوں کے ساتھ مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک روا رکھتا ہے۔ عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں اور آزاد میڈیا کی رپورٹیں بارہا اس جانب اشارہ کر چکی ہیں کہ بھارت میں اقلیتوں کے خلاف تشدد اور امتیازی قانون سازی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جو خطے کے امن واستحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔

بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ محض بیانات اور تشویش کے اظہار تک محدود نہ رہے بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے نئی دہلی کو اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد اور کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دینے پر مجبور کرے۔ اقوام متحدہ، انسانی حقوق کونسل اور دیگر عالمی وبین الاقوامی فورمز کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں آزادانہ تحقیقاتی کمیشن بھیجیں، وہاں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کریں اور بھارت پر دباؤ ڈالیں کہ وہ بین الاقوامی میڈیا اور انسانی حقوق کے مبصرین کو مقبوضہ علاقے تک رسائی دے۔ خطے میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب بھارت اپنی جابرانہ پالیسیوں سے دستبردار ہو اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی بحالی ممکن بنائی جائے۔

قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر!

ملکہ کوھسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

ملک بھر میں یوم بحریہ، یوم فضائیہ قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے پاک بحریہ اور پاک فضائیہ کے شہداء، غازیوں، افسروں، جوانوں، اہلکاروں اور اُن کے اہلخانہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ صدرِ مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ 8 ستمبر 1965ء کو پاک بحریہ کی جانب سے بھارتی بحری تنصیب دوارکا کے خلاف تاریخی آپریشن "سومناتھ" اُس کی بہادری، عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی روشن مثال ہے۔ مئی 2025ء کے معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ نے بھرپور عملی تیاری اور مؤثر کارروائی کے ذریعے پاکستان کے بحری مفادات کا کامیابی سے دفاع کیا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری تنازعے کے دوران پاک بحریہ نے "آپریشن محافظ البحر" کے تحت ملک کی توانائی اور معاشی ضروریات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا اور سمندری راستوں سے توانائی کی ضروری ترسیل کا سلسلہ برقرار رکھنے میں مدد دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ 1965ء کی جنگ کے دوران آپریشن سومناتھ کے تحت نہ صرف دشمن کی اہم ساحلی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا بلکہ آبدوز "غازی" کی موجودگی نے دشمن کی نقل وحرکت پر دباؤ بڑھایا، مئی 2025ء کے معرکہ حق کے دوران بھی پاک بحریہ کی اعلیٰ سطح کی عملی تیاری کے باعث باعث عددی برتری رکھنے کے باوجود دشمن سمندر میں کسی جارحانہ کارروائی کی جرأت نہ کر سکا۔ اُنہوں نے پاک بحریہ کی جدت اور نئی جنگی صلاحیتوں کے حصول کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید جنگی جہازوں، ہانگور کلاس آبدوزوں، فضائی اثاثوں، بغیر پائلٹ نظام اور مقامی طور پر تیار کردہ طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کی شمولیت پاک بحریہ کو جدید اور مؤثر بحری قوت بنانے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

اِس سے قبل سات ستمبر کو قوم نے یومِ فضائیہ اور چھ ستمبر کو یومِ دفاع بھی اِسی جوش اور جذبے سے منایا۔ 1965ء کی جنگ میں پاک فضائیہ نے بری فوج کے دوش بدوش بڑا اہم کردار ادا کیا اور پٹھان کوٹ، آدم پور اور ہلواڑہ کے ہوائی اڈوں پر حملے کرکے دشمن کے 22 طیاروں کے علاوہ متعدد ٹینک، بھاری توپیں اور دیگر اسلحہ تباہ کیا، 7 ستمبر 1965ء کا دن اِس لئے فضائیہ کے نام ہے کیونکہ اِسی دن پاک فضائیہ نے دشمن کو ایسی دھول چٹائی جس نے فضائی جنگ میں ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔ سرگودھا ایئر بیس پر بھارتی حملے کو پسپا کیا، نہ صرف دشمن کے طیاروں کو فرار ہونے پر مجبور کیا بلکہ اُن کا پیچھا کرکے اُس کے کئی طیارے مار گرائے۔ اس کے بعد پاک فضائیہ نے جوابی حملے کیے، لدھیانہ، جالندھر، بمبئی اور کلکتہ کے ہوائی اڈوں پر حملہ کرکے مجموعی طور پر دشمن کے 31 طیارے تباہ کر دیے۔ متعدد لڑاکا طیاروں کو اُڑنے سے پہلے ہی پٹھان کوٹ کے ہوائی اڈے پر تباہ کر دیا اور بغیر کسی مزاحمت کے سرینگر ہوائی اڈے کو بمباری سے تباہ کر کے ناقابل استعمال بنا دیا۔ اِسی دن ایک منٹ سے بھی کم وقت میں دشمن کے پانچ جنگی طیاروں کو تباہ کرکے عالمی ریکارڈ بنانے والے سکوارڈن لیڈر ایم ایم عالم (عالم) کا کارنامہ زندہ وجاوید ہے۔ اُنہوں نے مجموعی طور پر دشمن کے نو جنگی طیارے تباہ کئے مار گرائے جن میں پانچ لڑاکا طیارے تو ایک منٹ سے بھی کم وقت میں تباہ کیے گئے جس کے صلے میں اُنہیں دو بار "ستارہ جرأت" سے نوازا گیا۔

ستمبر 1965ء کی طرح معرکہ حق میں بھی افواجِ پاکستان نے ایسی دھاک بٹھائی کہ حملہ آور اب بھی سکتے میں ہے، شاید ہی دنیا کی کوئی جنگ ایسی ہو جس میں کسی ملک کو اپنی پوری فضائیہ کو بچانے کے لئے گراؤنڈ کرنا پڑا ہو، حملہ آور کو اِس حال تک پہنچانا افواجِ پاکستان کے اُس کامیاب ترین "ملٹی ڈومین آپریشن" کی وجہ سے تھا جس کی گونج سال بھر سے زائد عرصہ گزر جانے کے باوجود پوری دنیا میں اب بھی سنائی دیتی ہے۔ معرکہ حق افواجِ پاکستان کی سٹرٹیجی، اُس پر عملدرآمد اور اُس کے نتائج دنیا بھر کی ملٹری اکیڈمیوں میں پڑھائے جا رہے ہیں۔ امریکی صدر بھارت کو اِس شکست کا طعنہ دینے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے کیونکہ اُس نے امریکہ کو یہ باور کرا رکھا تھا کہ وہ خطے میں چین کے خلاف اُس کے مفادات کو یقینی بنائے گا لیکن دعوؤں کے برعکس چین تو دور کی بات اپنے سے کئی گُنا چھوٹی عسکری قوت سے بھی عبرتناک ایسی شکست کھا بیٹھا۔ اپوزیشن جماعتوں کے اصرار کے باوجود بھارتی وزیراعظم نریندر مودی آج بھی اِس پر بات کرنے سے کتراتے ہیں۔ معرکہ حق کے فوری بعد جب مشرقِ وسطیٰ تنازعے نے جنم لیا، اسرائیل اور امریکہ مل کر ایران پر حملہ آور ہوئے اور اس نے جوابی کارروائیوں میں خطے میں قائم امریکہ اڈوں کو نشانہ بنایا تو مشرقِ وسطیٰ کے ممالک پاکستان کی طرف اُمید بھری نگاہوں سے دیکھتے تھے۔ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے مل کر "مکہ دفاعی اتحاد" قائم کر لیا جو مسلم اُمہّ کے لئے ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوسکتا ہے۔ پاکستان کے عالمی سطح پر بلند ہوتے قد کی بنیادی وجہ معرکہ حق کا وہ کارنامہ تھا جس نے دنیا پر افواجِ پاکستان کی صلاحیتوں کی دھاک بٹھا دی یہ سب پاکستان کی بری، بحری اور فضائیہ کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور نظم ہی کے باعث ممکن ہوا۔ افواج پاکستان کا ڈھانچہ بھی اب دنیا کی بہترین افواج کی طرز پر سنگل کمانڈ کے تحت کر دیا گیا ہے جو تینوں افواج کو زیادہ ہم آہنگی کے ساتھ لڑنے میں مددگار ہوگا۔ قوم کو اپنی افواج پر بجا طور پر فخر ہے کہ یہ ہمیشہ اِس کی توقعات پر پورا اُترتی ہیں۔

پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ، 2030 تک تعداد 22 لاکھ تک لے جانے کا ہدف

اظہار خیال
محمد تنویر ہاشمی

پاکستان میں بڑھتے ہوئے پیٹرول اور ڈیزل کے اخراجات اور ماحولیاتی آلودگی میں اضافے سے نمٹنے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے نئی نیشنل الیکٹرک وہیکل پالیسی 2025-30 کا اجراء کیا جس کے بعد الیکٹرک بائیک اور گاڑیوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، الیکٹرک گاڑیاں تیار کرنیوالی کمپنیوں کو لائسنس دیئے گئے ہیں، جن کی تعداد بڑھ کر 62 سے زائد ہو چکی ہے، حکومت نے 2030 تک الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں 30 فیصد اور 2040 تک 90 فیصد لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور ان کی تعداد کو 22 لاکھ تک پہنچایا جائے گا، الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد میں تیزی سے اضافے کے ساتھ ساتھ صارفین کو کچھ مسائل کا بھی سامنا ہے جس کے حل کے لیے حکومت کو ترجیح بنیادوں پر اقدامات کرنا ہونگے ان میں چارجنگ سٹیشن کی تعداد میں اضافہ، الیکٹرک گاڑیوں اور بائیک کی مرمت کرنیوالی ورکشاپ اور سپیئر پارٹس کی آسانی سے دستیابی نہایت ضروری ہے، الیکٹرک گاڑیاں تیار کرنیوالی مختلف کمپنیوں کو پابند کرنا ہوگا کہ وہ گاڑیوں اور چارجنگ سٹیشن میں چارجنگ کی پورٹس کو کمپیٹبل رکھیں تاکہ آسانی سے چارجنگ کی جاسکے، اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں دو لاکھ 40 ہزار سے زائد الیکٹرک گاڑیوں اور الیکٹرک بائیک کی رجسٹریشن ہوچکی ہے ملک میں اب تک 12 ہزار 800 سے زائد الیکٹرک گاڑیاں مقامی سطح پر تیار کی گئی ہیں اور ایک لاکھ 60 ہزار سے زائد الیکٹرک موٹرسائیکلیں مقامی سطح پر تیار کی گئی ہیں، اگرچہ الیکٹرک گاڑیوں کا مارکیٹ میں مجموعی شیئر ایک فیصد سے کم ہے لیکن چار اور تین پہیوں والی الیکٹرک گاڑیاں 90 ہزار سے زائد رجسٹرڈ ہوچکی ہیں جبکہ سالانہ ڈیڑھ لاکھ سے زائد الیکٹرک بائیک کی رجسٹریشن ہورہی ہے، آئندہ پانچ سال 2025-30 تک کی نیو انرجی وہیکل پالیسی سے الیکٹرک گاڑیاں تیزی سے تیار ہورہی ہے اور حکومت کا ہدف ہے کہ 2030 تک ان کی فروخت میں 30 فیصد تک اضافہ کیا جائے جبکہ 2040 تک اس کو 90 فیصد تک لے جانے کا ہدف ہے، ایندھن کی بچت، ماحولیاتی تحفظ کے لیے حکومت الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری اور فروخت میں اضافے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ سے نہ صرف درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہوگا بلکہ زرمبادلہ کی بچت، فضائی آلودگی میں کمی اور ماحولیاتی تحفظ میں بھی نمایاں مدد ملے گی، الیکٹرک بائیک کے لیے 9 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی دی گئی ہے جو کہ مجموعی قیمت فروخت پر 20 فیصد دی جارہی ہے جس سے الیکٹرک بائیک کی قیمت اڑھائی لاکھ روپے سے کم ہوکر ایک لاکھ 60 ہزار روپے پر آگئی ہے، سرکاری اعداد وشمار کے مطابق وسط 2025 تک ملک میں الیکٹرک کاروں کی تعداد میں 80 ہزار اضافہ ہوا اور 62 سے زائد مینوفیکچررز نے الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری کے لیے لائسنس حاصل کیے، سال 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران دو پہیوں والی الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں 175 فیصد گروتھ ہوئی، اور اس پالیسی کے اجرا کے بعد دو لاکھ 70 ہزار سے زائد درخواستیں آئی ہیں، الیکٹرک گاڑیوں کا چارج کرنے کے لیے چارجنگ سٹیشن میں بھی تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اس وقت 140 سے زائد چارجنگ سٹیشن موجود ہیں تاہم بہت جلد اس کی تعداد کو ہزاروں تک لےجانے کا ہدف ہے، ماہرین اور الیکٹرک گاڑیوں کے صارفین کے مطابق ان گاڑیوں کی مرمت، چارجنگ کی سہولت، اور دیکھ بھال سے متعلق کافی مسائل کا سامنا ہے، الیکٹرک گاڑیوں اور بائیک کا اس وقت ایک بڑا مسئلہ چارجنگ انفراسٹرکچر میں کمی کا ہے، جس کے باعث زیادہ تر افراد الیکٹرک گاڑی رکھنے میں خود کو زیادہ پر اعتماد محسوس نہیں کرتے، پاکستان میں بہت سے ڈی سی چارجرز موٹر سائیکلوں کو چارج کرنے کی سہولت فراہم نہیں کرتے، جبکہ کئی الیکٹرک موٹر سائیکلیں دستیاب ڈی سی چارجنگ ٹیکنالوجی کو سپورٹ نہیں کرتیں جو کہ صارفین کے لیے ایک اضافہ رکاوٹ ہے، ایک الیکٹرک موٹر سائیکل کو چارج ہونے میں 30 منٹ لگتے ہیں جس کو مزید کم کرنے کی ضرورت ہے، ٹیکنالوجی سے عدم واقفیت اور گاڑی کی مطلوبہ حدِ سفر ختم ہونے کا خوف بڑی رکاوٹیں ہیں کیونکہ چارجنگ انفراسٹرکچر کافی محدود ہے۔ زیادہ تر الیکٹرک موٹر سائیکلیں گرافین کوٹنگ والی لیڈ ایسڈ بیٹریوں پر انحصار کرتی ہیں، جن میں نئی بیٹری ٹیکنالوجیز کے مقابلے میں خرابی کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ ان گاڑیوں کی مرمت کا نظام بھی ابھی ترقی کے مرحلے میں ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں کی دیکھ بھال کے لیے مختلف نوعیت کی مہارت درکار ہوتی ہے اور بعض صورتوں میں اس وقت ای وی کی سروسنگ روایتی موٹر سائیکل کے مقابلے میں زیادہ مہنگی پڑ سکتی ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں کے مناسب تعداد میں چارجنگ اسٹیشن کے نیٹ ورک کی ضرورت ہے تاکہ الیکٹرک گاڑیوں کا استعمال عملی طور پر ممکن بنایا جا سکے، حکومت، ریگولیٹرز اور بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے درمیان مربوط اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ چارجنگ کی سہولت کو وسعت دی جاسکے، ٹائم آف یوز ٹیرف متعارف کرائے جائیں اور اسمارٹ چارجنگ کو ممکن بنایا جائے، جس کے ذریعے الیکٹرک گاڑیوں کی چارجنگ کو دن کے ان اوقات میں منتقل کیا جاسکے جب سولر بجلی وافر مقدار میں دستیاب ہوتی ہے، جبکہ دیگر آف پیک اوقات سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکے، ماہرین کے مطابق پاکستان کو ہر سال تیل کی درآمد کی مد میں اربوں ڈالر کا زرمبادلہ خرچ کرنا پڑتا ہے جبکہ ماحولیاتی آلودگی کے عفریت کا بھی پاکستان کا سامنا ہے، کم لاگت الیکٹرک گاڑیاں پاکستان کی آٹو مارکیٹ کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہیں، پاکستان کی معیشت کو درآمدات پر انحصار کم کرنا ہوگا اور زیادہ سے زیادہ الیکٹرک گاڑیاں تیار کرنیوالے مینوفیکچررز کو مراعات دینا ہونگی، ایران پر امریکی حملے کے بعد پیٹرول کی انتہائی بلند قیمتوں نے الیکٹرک گاڑیوں کی طلب میں اضافہ کیا ہے، پیٹرول کی لاگت میں اضافے کے باعث اس وقت پاکستانی صارفین کے لیے الیکٹرک گاڑی ترجیح بنتی جارہی ہے۔

مہنگا پٹرول، یہ غم ہوگا تو کتنے غم نہ ہوں گے

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

پٹرول یکمشت تیرہ روپے لیٹر مہنگا ہوگیا اور یہ بات ثابت ہوگئی کہ حکومت کا جہاں اور ہے خلقت کا جہاں اور، کسی کو کچھ معلوم نہیں۔ یہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کس فارمولے کے تحت متعین کی جارہی ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کا کیا حال ہے، کوئی نہیں بتاتا۔ یہ تیرہ روپے کا اضافہ ایک ایسا بم ہے جس نے مہنگائی میں پسے ہوئے عوام کو مزید مار ڈالا ہے۔ جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے اسے بے حسی پر مبنی فیصلہ قرار دے کر کراچی میں دھرنے کا اعلان کر دیا ہے، مگر صاحبو اس میں کوئی خیریت نہیں رہی کیونکہ جب سے جماعتِ اسلامی قیمتیں کم کرانے کے لئے میدان میں آئی ہے، قیمتوں کو پَر لگ گئے ہیں، اُڑتی جا رہی ہیں اور حافظ صاحب حکومت سے مذاکرات، مذاکرات کھیل رہے ہیں۔ اس احتجاج کا الٹا اثر اب جادو کی طرح سر چڑھ کر بولنے لگا ہے۔ اس کا حکومت کے دِل میں کتنا خوف ہے، اس کا اندازہ اِس بڑے اضافے سے لگایا جا سکتا ہے۔ خیر ہونی کو کون روک سکتا ہے اور قیمتیں بڑھنے میں کس کی مجال ہے کہ رکاوٹیں ڈال سکے مگر اب عوام یہ سوچ رہے ہیں یہ سلسلہ آخر رُکے گا کہاں۔ یہ روز روز کی بدخبری آخر کب ختم ہوگی۔ حکومت کچھ اور نہیں کرسکتی تو کم ازکم اتنا ہی کر دے کہ قیمتوں میں ردوبدل کا پندرہ روزہ نظام ہی بحال کردے تاکہ عوام کو جھٹکا پندرہ دن بعد لگے۔ یہ روزانہ لگتا ہے تو اُن کے اعصاب شل ہونے لگے ہیں۔ میں کل گاڑی میں پٹرول ڈلوا کر گھر آیا تو آتے ہی سوشل میڈیا پر یہ خبر سنی کہ پٹرول کی قیمت تقریباً 13 روپے بڑھا دی گئی ہے۔ میں نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا مولا تو کتنا رحیم ہے، مجھے قیمتیں بڑھنے سے پہلے پٹرول ڈلوانے کا موقع فراہم کیا۔ وگرنہ اعلان کے بعد تو پٹرول پمپ مالکان پٹرول بیچنا بند کر دیتے ہیں اور رات بارہ بجے کے بعد نئی قیمت پر دیتے ہیں۔ یہ کس سود و زیاں میں حکمرانوں نے عوام کو ڈال دیا ہے۔ زندگی میں ایک سکون اور ٹھہراؤ کبھی ہوتا تھا، اب تو ناپید ہو چکا ہے، ہر طرف بے چینی اور بے یقینی ہے۔ ٹرانسپورٹ کے کرائے روزانہ کی بنیاد پر ڈانواں ڈول رہتے ہیں۔ اسی طرح سبزیاں ہوں یا پھل اُن کی قیمتوں میں اس کمبخت مارے پٹرول وڈیزل کی وجہ سے مدوجزر رہتا ہے۔ آج شیدے ریڑھی والے کے پاس گیا ہوں تو اُس نے آنکھیں ماتھے پر رکھی ہوئی تھیں۔ کل تک جو انگور چھ سو روپے کلو دے رہا تھا، آج 900 روپے قیمت نکالی ہوئی تھی۔ پوچھا یہ کیا ماجرا ہے؟ کہنے لگا اُن ٹرک والوں سے پوچھیں جو کے پی کے سے مال لاتے ہیں۔ آج منڈی میں انگور کی پیٹی تین ہزار روپے مہنگی بکی ہے۔ مہنگا ملے گا تو مہنگا ہی بیچیں گے بابو جی۔

کہتا تو وہ بھی ٹھیک ہے۔ یہ منڈیوں میں بیٹھے ہوئے بیوپاری اور آڑھتی چاہے مال پہلے سے پڑا ہو، ڈیزل مہنگا ہوتے ہی اُس میں ایک دوگنا اضافہ کردیتے ہیں۔ ان کیلئے تو پٹرول وڈیزل مہنگا ہونا گویا ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ یہ ہم جو اپنے ریڑھی وخوانچہ فروشوں کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ انہوں نے سبزی پھل مہنگے کر دیئے ہیں ان بے چاروں کے بس میں تو کچھ بھی نہیں، تازہ کماتے ہیں تازہ کھاتے ہیں، پھل بچ جائے تو الٹا نقصان ہو جاتا ہے۔ جب ایران امریکہ جنگ کے بعد تیل کی قیمتیں عالمی منڈی میں بڑھی تھیں تو حکومت نے خاصی سرگرمی دکھائی تھی، توانائی بچانے کا پروگرام نافذ کر دیا تھا، پٹرول اور ڈیزل کا سرکاری گاڑیوں میں استعمال آدھا کر کے عوام کو احساس دلایا تھا کہ حکومت اُن کے ساتھ ہے مگر اب تو اس بارے میں حکمران طبقہ سوچتا بھی نہیں۔ پٹرول مہنگا ہو گیا تو کیا سرکاری گاڑیوں میں تو اُس نے لیٹر کے حساب سے ڈالا جانا ہے۔ صاحب بہادر کی گاڑی کے لئے اگر دو سو لیٹر ماہانہ کا کوٹہ منظور ہے تو اتنا ہی ملے گا، اب بھلے اُس کے پیسے دوگنا ہی کیوں نہ ہو جائیں۔ مالِ مفت دلِ بے رحم کی مثال کسی نے دیکھنی ہو تو ہمارے ہاں آ کے دیکھے۔ کیا کہیں سے آپ کو لگ رہا ہے جس مصیبت میں مہنگائی کی وجہ سے عوام مبتلا ہیں، اُس کا کوئی تھوڑا بہت اثر معاشرے کی ایلیٹ کلاس پر پڑا ہو۔ اٹھارھویں، انیس گریڈ کے افسروں کی نقل وحرکت کو ہی دیکھ لیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کتنی گاڑیوں کے قافلے میں وہ اپنے دفاتر سے نکلتے ہیں۔ سب گاڑیاں بڑی ہوتی ہیں، جن میں پٹرول اور ڈیزل بھی زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ بعض تو گیسی گاڑیاں بھی ہیں جو ایک لیٹر میں پانچ کلومیٹر بھی نہیں کرتیں۔ یوں پانی کی طرح پٹرول پینے والی ان گاڑیوں کا بے دریغ استعمال کم ہوا ہے اور نہ کسی کو احساس ہے کہ سرکاری اخراجات کم کر کے عوام کو چھوٹا موٹا ریلیف دیا ہی جاسکتا ہے۔

کل میں نے یہ منظر بھی دیکھا کہ ایک غریب موٹر سائیکل سوار پٹرول پمپ پر کھڑے ورکر سے کہہ رہا تھا ایک سو روپے کا پٹرول ڈال دے اور وہ انکاری تھا کہ دو سو روپے سے کم پٹرول بند ہے۔ ہائے ہائے یہ منظر دیکھ کر مجھے وہ زمانہ یاد آ گیا جب موٹر سائیکل میں تیس چالیس روپے کا پٹرول ڈلوا کے یہ مزدور طبقہ اپنا کام چلا لیتا تھا۔ مجھے ایک رنگ کرنے والے کی ضرورت پڑی تو قاسم بیلہ کی پلی پر گیا جہاں ہر نوع کے مزدور صبح آ کر بیٹھ جاتے ہیں تاکہ کوئی انہیں مزدوری کے لئے لے جائے۔ وہ آنے والے لوگوں کو دیکھ کر ایسے لپکتے ہیں جیسے بھوکا روٹی کی طرف لپکتا ہے۔ میں نے ایک دو سے بات کی تو انہوں نے کہا بابو جی آپ خود سمجھدار ہیں، ایک عام آدمی کتنے میں گھر کا نظام چلا سکتا ہے۔ انہوں نے پندرہ سو روپے دیہاڑی کا کہا۔ سچی بات ہے میرے اندر سے ایک ہوک سی نکلی، پندرہ سو روپے میں یہ آٹھ گھنٹے کام کر کے گھر جائے گا تو اِس کا چولہا جلے گا۔ ایک دو نے پوچھا جانا کہاں ہے، میں نے کہا یہیں قاسم بیلہ میں تو انہوں نے کہا چلیں بابو جی پھر دو سو روپے کم دیدیں، ہمارا کرایہ یا پٹرول نہیں لگے گا۔ خیر میں پندرہ سو دیہاڑی پر رنگ کرنے والے کو لے آیا اور شام کو جاتے ہوئے اُسے پانچ سو روپے اضافی دیئے کہ تم نے اچھا کام کیا ہے، یہ تمہارا انعام ہے۔ اُس کے چہرے پر اُس وقت ایک عجیب سی خوشی تھی۔ تو صاحبو، یہ ہیں اس وقت حالات اور ان حالات میں حکومت روزانہ پٹرول کی قیمت بڑھا کر جو نمک چھڑک رہی ہے، اُس نے عوام کے زخموں کو روزانہ کی بنیاد پر ہرا رکھا ہوا ہے۔ جانے کب ہوں گے کم، اِس دنیا کے غم۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن وثقافت

شوہر پر الزام، مشی خان نے فریال گوہر کو آرے ہاتھوں لے لیا

کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستان کی سابقہ اداکارہ وٹی وی میزبان مشی خان نے فریال گوہر کے اپنے سابق شوہر سے متعلق دعوؤں پر اداکارہ کو ہی آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنیوالے مسائل پر بحث کرنے والی مشی خان نے حال ہی میں اپنی ایک ویڈیو میں فریال گوہر کے وائرل کلپس کے بارے میں لب کشائی کی ہے۔ سابقہ اداکارہ نے کہا کہ فریال گوہر صاحبہ بہت ہی شاندار انسان ہیں، ان کو ہم نے چند عرصہ پہلے سابق شوہر کے ساتھ ایک شو پر دیکھا تھا جس میں ایسا لگ رہا تھا کہ ان کے تعلقات بہت ہی دوستانہ ہیں۔ مشی نے کہا اس شو میں فریال صاحبہ نے یہ بھی کہا تھا کہ میری سابقہ ساس سے اچھے تعلقات ہیں اور ان سے ملاقات کرتی رہتی ہوں، اب وہ اسی شو میں اکیلی آئیں اور تقریباً 30 سے 35 قبل پرانی تشدد کی باتیں دہرائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ※ اتنے عرصے بعد یہ سب باتیں کرنے کا کوئی مطلب نہیں اور میرا سوال یہ ہے کہ اگر آپ کے ساتھ اس قسم کا بہیمانہ تشدد کیا گیا کسی آدمی نے اور آپ اسی آدمی کے ساتھ پچھلے پروگرام میں بیٹھ کر کافی ہنسی مذاق کر رہی تھیں۔ مشی نے مزید کہا کہ آپ کیسے ایسے انسان کے ساتھ آمنے سامنے بیٹھنے پر رضامند ہوگئیں جنہوں نے آپ کو بیلٹ سے مارا ہو، اس کے بعد آپ کے گردوں میں ٹانگیں ماریں، اگر آپ کو کروڑوں روپے بھی دیے جاتے تب بھی یہ غلط تھا۔ سابقہ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ایسے انسان کو تو بندہ دور سے بھی نہ دیکھے لیکن آپ نے شو کیا اور کافی اچھے ماحول میں کیا

شوہر سے علیحدگی کی خبروں پر حیرت ہے، ایشا ریکھی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی گلوکار بادشاہ کی اہلیہ ایشا ریکھی نے شوہر سے علیحدگی کی افواہوں اور Bigg Boss 20 میں شرکت کی قیاس آرائیوں پر خاموشی توڑ دی ہے۔ ایشا ریکھی نے انسٹاگرام بیان میں کہا کہ وہ اپنی نجی زندگی کی تفصیلات عوامی سطح پر شیئر نہیں کریں گی اور سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں پر حیرت ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ غیر مصدقہ خبروں پر یقین نہ کریں۔ دوسری جانب بگ باس 20 کے ایک پرومو کے بعد ان کی شرکت سے متعلق قیاس آرائیاں تیز ہوئیں، تاہم اس حوالے سے کوئی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ یاد رہے کہ ایشا ریکھی اور بادشاہ چار سال ریلیشن میں رہے جس کے بعد انہوں نے ایک نجی تقریب میں اس برس کے اوائل میں شادی کر لی تھی۔ ان کی شادی کی خبر مارچ 2026 میں اس وقت سامنے آئی جب ایشا ریکھی کی والدہ نے سوشل میڈیا پر شادی کی تصاویر شیئر کیں۔ ایشا ریکھی اور بادشاہ نے کچھ عرصہ قبل سوشل میڈیا پر اپنی علیحدگی کی تصدیق کرتے ہوئے نجی زندگی کا احترام کرنے کی درخواست بھی کی تھی۔

عماد وسیم تنازع: الزامات پر بہن اور نئی بیوی میدان میں آگئیں

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق کی جانب سے حالیہ انٹرویو میں کیے گئے الزامات کے بعد کرکٹر کی بہن اور نئی اہلیہ نائلہ راجہ بھی میدان میں آگئیں اور سوشل میڈیا پر اپنا مؤقف پیش کر دیا ثانیہ اشفاق گزشتہ کچھ عرصے سے اپنی سابقہ ازدواجی زندگی اور عماد وسیم کے خاندان سے متعلق مختلف دعوے کرتی رہی ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں انہوں نے الزام عائد کیا کہ سسرال میں ان کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا گیا جبکہ انہوں نے اپنی ایک حمل کے خاتمے سے متعلق بھی سنگین الزامات عائد کیے۔ ثانیہ کے بیانات کے بعد عماد وسیم کی بہن نے سوشل میڈیا پر تفصیلی ردعمل دیتے ہوئے ان کے الزامات کو مسترد کیا اور انہیں اپنے خاندان کے بارے میں مزید بات نہ کرنے کا کہا۔ کرکٹر کی بہن نے ثانیہ کو خبردار کیا کہ اگر ان کے خاندان سے متعلق بیانات کا سلسلہ جاری رہا تو قانونی کارروائی بھی کی جاسکتی ہے۔

احسن خان زندگی کی پہلی محبت تھے، لیلیٰ

پاکستانی فلم انڈسٹری کی اداکارہ لیلیٰ اور معروف اداکار احسن خان کے ماضی کے تعلق سے متعلق ایک پرانا انٹرویو دوبارہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگا جس میں اداکارہ نے ان سے بریک اپ کی وجہ بتائی تھی اداکارہ کا فضا علی کو دیا گیا ایک پرانا انٹرویو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے احسن خان سے علیحدگی کی وجہ سے متعلق بات کی تھی۔ انہوں نے اس موقع پر انکشاف کیا تھا کہ احسن خان ان کی زندگی کی پہلی محبت تھے اور دونوں کی ملاقات اس وقت ہوئی تھی جب انہوں نے باقاعدہ طور پر فلم انڈسٹری میں قدم بھی نہیں رکھا تھا۔ کچھ عرصے تک ایک دوسرے کے ساتھ تعلق میں رہے تاہم بعدازاں ان کے راستے جدا ہو گئے۔ پہلی محبت میں ملنے والی دل شکستگی کے اثرات طویل عرصے تک ان کے ساتھ رہے۔ لیلیٰ نے مذکورہ انٹرویو میں دعویٰ کیا تھا کہ اداکارہ نرما کی وجہ سے ان کا احسن خان کے ساتھ بریک اپ ہوا تھا جبکہ اس حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

وزن بڑھنے کے بعد انہیں متعدد فلمی کرداروں سے ہاتھ دھونا، رت بھری چکرورتی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ دولت، شہرت اور پُرتعیش زندگی کی آماجگاہ ہے جہاں دیکھتے ہی دیکھتے فنکاروں کی کایا پلٹ جاتی ہے تاہم اس کے لیے کتنے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں اور کن دشواریوں سے گزرنا پڑتا ہے، کم ہی لوگ جانتے ہیں۔ اداکارہ رت بھری چکرورتی بھی ایسے ہی کرداروں میں سے ایک ہیں جنھوں نے بھارت کی بنگالی فلم انڈسٹری میں قدم رکھا اور کامیابیاں ان کے قدم چومنے لگیں لیکن پھر کچھ ایسا ہوا جس نے ان پر بالی ووڈ کی حقیقت آشکار کردی۔ این ڈی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں اداکارہ رت بھری نے اپنی جسمانی تبدیلی اور فلمی صنعت کے رویوں پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ کے بقول سرجریز اور ادویات کے باعث ان کا وزن بڑھا اور پھر ایک کردار کے لیے انھیں مزید 15 کلو وزن بڑھانا پڑا تھا۔ اداکارہ رت بھری کا کہنا تھا کہ وزن بڑھانے پر سوشل میڈیا کے ایک طبقے نے انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا، جیسے انہوں نے کسی سے کچھ چھین لیا ہو۔ بنگالی اداکارہ نے انکشاف کیا ہے کہ وزن بڑھنے کے بعد انہیں متعدد فلمی کرداروں سے ہاتھ دھونا پڑا جبکہ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ خود کو دبلا رکھنے کے لیے وہ انتہائی سخت ڈائٹنگ بھی کرتی رہی ہیں اداکارہ نے بتایا کہ وزن بڑھنے کے بعد انہیں کئی کرداروں سے محروم ہونا پڑا۔ مرد مسلسل دبلی خواتین کو دیکھنا چاہتے ہیں اور افسوس کی بات یہ ہے کہ اکثر ان کی رائے ہی سب سے اہم رائے بن جاتی ہے۔ اداکارہ رت بھری نے بتایا کہ کیریئر کے ابتدائی دور میں وہ خود بھی کم وزن تھیں اور ایک موقع پر ان کے ڈاکٹر نے مسلسل سرجریز کے لیے وزن بڑھانے کا مشورہ دیا تھا۔ اداکارہ نے ماضی کی اپنی ڈائٹنگ کے بارے میں بھی حیران کن انکشاف کیا کہ وہ کبھی 10 دن تک کاربوہائیڈریٹس سے مکمل پرہیز کرتی تھیں

SHEHAR NAMA

شہرنامہ

کلاسیفائیڈ

مشتہرین حضرات متوجہ ہوں

☆ کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہیں

☆ تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں

☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے

☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی و دیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا

رابطہ

فون: 051-224909

موبائل: 0333-5196088

Email:sheharnama@gmail.com

کلاسیفائڈ اشتہار

اعلان گمشدگی!

میں ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائیا تحصیل و ضلع راولپنڈی کا رہائشی ہوں اور حلفاً بیان کرتا ہوں کہ میرے پلاٹ نمبر 660 برقبہ 98.4 مرلہ بلاک D واقع PGSHF اڈیالہ روڈ راولپنڈی۔ کا اصل ٹرانسفر لیٹر گم ہوگیا ہے جس کسی کو ملے اطلاع کریں ملک ارشد محمود ولد فرزند علی ساکن ڈاکخانہ خاص چک بیلی خان بائیا تحصیل و ضلع راولپنڈی

ضرورت ہے

کلفٹن بلاک 4 میں واقع بلڈنگ کیلئے مندرجہ ذیل اسٹاف درکار ہے کلینگ سپروائزر، سوئمنگ پول ٹرینر، لفٹ آپریٹر، الیکٹریشن رابطہ کریں۔
0300-3353555

اعلان

جوڑوں کا درد پہلی۔ خوراک پہلی خوراک میں ہی کنٹرول، اعصابی کمزوری، پٹھوں کا کھچاو، کمر درد، مہروں کا درد مستقل علاج کیلئے رابطہ حکیم۔ صاحب 0300-7536416

فوری ضرورت

کمپنی کو سول اور دیگر اداروں سے ریٹائرڈ حضرات کی ضرورت ہے کھانا، رہائش بازمہ کمپنی ڈیوٹی 8 گھنٹے رابطہ کریں
0308-4966486

اعلان گمشدگی

میرے اصل کاغذات اور میری اصل دستاویزات جن میں شناختی کارڈ 4230117714567 یو بی ایل بینک کا کارڈ ڈرائیونگ لائسنس ISL-00130915، موٹر سائیکل کاغذات APF 2026 انجن نمبر SAE745944 چیسز نمبر SAC752241 میکر یونین سٹار 70 سی سی، 26/8/22 کو راولپنڈی کے علاقے سیٹلائٹ ٹاؤن میں دوران سفر کہیں گم ہو ہیں جس کسی کو ملیں درج۔ پتہ پر ارسال کریں محمد ارشاد ولد محمد محبوب سکنہ ڈاخانہ خاص گھوڑا گلی تحصیل مری ضلع راولپنڈی

بقیہ نمبر 1

ارسلان اور علی رضا سے 3 ٹیرا بائٹ حساس ڈیٹا برآمد کیا گیا، ملزمان نے ایک کروڑ سے زائد شہریوں کا حساس اور ذاتی ڈیٹا حاصل کر کے فروخت کیا۔ ملزمان سے سم کارڈ ملکیت و رجسٹریشن، سم ڈیٹا بیس، سی ڈی آر اور شہریوں کی لوکیشن کا ڈیٹا بھی برآمد کیا گیا۔ اس ڈیٹا میں شہریوں کی فیملی ٹری اور مختلف سرکاری اداروں سے متعلق معلومات شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق ملزمان منی نادرا کے نام سے ویب سائٹ قائم کر کے نادرا سے متعلق معلومات فراہم کرنے اور حساس ڈیٹا کی غیر قانونی خرید و فروخت اور کھوجی نامی پلیٹ فارم تک رسائی میں بھی ملوث ہیں۔ ملزمان سے دو موبائل فون بھی برآمد کیے گئے۔ تین ٹیرا بائٹ ڈیٹا کا فارنزک تجزیہ کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 2

نے کہا کہ محمد اقبال مغل کی ترقی ان کی محنت، قابلیت، فرض شناسی، دیانت داری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔ کسی بھی سرکاری ادارے میں ترقی محض عہدے کا حصول نہیں بلکہ نئی ذمہ داریوں، اعتماد اور خدمت کے ایک نئے مرحلے کا آغاز ہوتی ہے۔ چیئرمین سرفراز مغل نے کہا کہ تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان دعا گو ہے کہ محمد اقبال مغل کو ان کی نئی ذمہ داری میں کامیاب عطا ہو۔

بقیہ نمبر 3

اندراج موجود ہے۔ متاثرہ لڑکی ایسٹر ڈیوڈ کے مطابق عدنان خان، بٹ نامی شخص، حرا نامی خاتون اور دو نامعلوم افراد واقعے میں نامزد ہیں، تاہم مقدمہ درج ہونے کے باوجود تاحال گرفتاری عمل میں نہ آنا ایک بڑا سوالیہ نشان بن گیا ہے۔ متاثرہ کا کہنا ہے کہ اگر پولیس نے ایف آئی آر درج کر لی تھی تو قانون کے مطابق تفتیش آگے بڑھاتے ہوئے نامزد افراد کو شامل تفتیش کیا جانا چاہیے تھا، مگر اس کے برعکس معاملہ طول پکڑتا جا رہا ہے۔ ایسٹر ڈیوڈ کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی مبینہ جنسی زیادتی جیسے انتہائی تکلیف دہ واقعے سے گزر چکی ہے، مگر اب انصاف حاصل کرنے کی کوشش میں اسے مزید دباؤ اور مبینہ دھمکیوں کا سامنا ہے۔ متاثرہ کے مطابق اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور مختلف مقامات و ذرائع سے مقدمہ واپس لینے کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ اس صورتحال نے اس کی زندگی اور سلامتی کے حوالے سے شدید خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ پولیس سے سوال: متاثرہ سے ہی بار بار پوچھ گچھ کیوں؟ متاثرہ لڑکی کا موقف ہے کہ اسے تحفظ اور انصاف فراہم کرنے کے بجائے بار بار سوالات اور دباؤ کا سامنا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اگر وہ خود ایک سنگین جرم کی متاثرہ ہے تو اسے خوف زدہ کرنے یا دباؤ میں رکھنے کے بجائے اس کے تحفظ، شواہد کے تحفظ اور نامزد افراد کے خلاف قانون کے مطابق تفتیش پر توجہ دی جانی چاہیے۔ ایسٹر ڈیوڈ نے الزام عائد کیا ہے کہ پولیس کی مبینہ سست روی کے باعث اسے یہ خدشہ لاحق ہے کہ کہیں مقدمے کے اہم شواہد ضائع نہ ہو جائیں یا معاملے کو کمزور کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ متاثرہ فریق کے مطابق انصاف کے حصول کے لیے معاملہ مقامی پولیس سے آگے بڑھاتے ہوئے سی پی او آفس تک لے جایا گیا، جبکہ اسلام آباد پولیس کے متعلقہ حکام کو بھی صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اس کے باوجود متاثرہ کا کہنا ہے کہ اسے تاحال وہ تحفظ اور قانونی پیش رفت نہیں مل سکی جس کی اسے توقع تھی۔ دستاویزات میں پولیس کو دی گئی درخواست میں مختلف شواہد، تفتیش اور متعلقہ قانونی کارروائی کے حوالے سے متعدد نکات اٹھائے گئے ہیں۔ میڈیکل کے بعد بھی گرفتاری نہیں، پھر انصاف کب؟

متاثرہ فریق کا کہنا ہے کہ اس واقعے کے بعد طبی معائنہ بھی کرایا گیا اور اس کے باوجود مقدمے میں نامزد افراد کی گرفتاری نہ ہونا ناقابل فہم ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر مقدمہ درج ہو چکا، متاثرہ کا میڈیکل ہو چکا، پولیس کے اعلیٰ حکام تک شکایات پہنچ چکی ہیں اور نامزد افراد کے نام بھی سامنے آ چکے ہیں تو پھر کارروائی میں تاخیر کیوں؟ متاثرہ لڑکی نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی بھی دباؤ، اثر و رسوخ یا مداخلت سے بالاتر ہو کر معاملے کی تفتیش کی جائے اور اگر شواہد نامزد افراد کے خلاف موجود ہیں تو انہیں فوری طور پر قانون کے مطابق گرفتار کر کے تفتیش کا حصہ بنایا جائے۔ اعلیٰ پولیس حکام فوری نوٹس لیں، "کسی سانحے کا انتظار نہ کیا جائے"۔ ایسٹر ڈیوڈ نے آئی جی پنجاب، آر پی او راولپنڈی، سی پی او راولپنڈی اور دیگر اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ متاثرہ لڑکی ایسٹر ڈیوڈ کا کہنا ہے کہ اسے جان سے مارنے کی مبینہ دھمکیوں کے معاملے کو معمولی نہ سمجھا جائے اور اسے فوری سیکیورٹی فراہم کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقدمہ واپس لینے کے لیے مبینہ دباؤ ڈالنے والے عناصر کا بھی سراغ لگایا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ اب سب سے بڑا سوال ٹیکسلا پولیس سے ہے: ایک خاتون سنگین جرم کی متاثرہ ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے، مقدمہ درج ہو چکا، پولیس کے اعلیٰ حکام تک شکایات پہنچ چکی ہیں، پھر نامزد افراد کے خلاف کارروائی میں تاخیر کیوں؟ کیا پولیس کسی ناخوشگوار سانحے کا انتظار کر رہی ہے؟ اعلیٰ پولیس حکام اگر اس معاملے کا فوری نوٹس لے کر شفاف تحقیقات، متاثرہ کو تحفظ اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بناتے ہیں تو ہی یہ تاثر ختم ہو سکے گا کہ طاقتور عناصر کے سامنے قانون بے بس ہے

بقیہ نمبر 4

کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران نے منصوبے کی مجموعی پیش رفت، مکمل شدہ کام اور باقی ماندہ کاموں کے حوالے سے آگاہ کیا۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن و سیکرٹری کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ رنگ روڈ منصوبے کا مین کیرج وے 99 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔

بقیہ نمبر 5

پر یقین رکھتا ہے۔ شواز بلوچ نے ملک بھر اور بیرون ملک پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ خصوصی افراد کو ملازمتوں کی فراہمی میں مدد کریں اور انڈس ہسپتال کی مثال پر عمل کریں انڈس ہسپتال نے ایک اعلیٰ جذبے کا نمونہ پیش کیا ہے جو قابل تحسین ہے، انہوں نے حکومت سے بھی درخواست کی وہ ڈس ایبلٹی ایکٹ 2020 کا عملی نفاذ کرتے ہوئے خصوصی افراد کو ملازمتیں فراہم کرے جیسا کہ بیرون ملک کیا جاتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی وزیر قانون و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ جو خصوصی افراد کی فلاح و بہبود میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں خصوصی افراد کو ملازمتوں کی فراہمی کے سلسلے میں ضروری اقدامات و احکامات جاری کریں گے۔ اس موقع پر شواز نے ڈاکٹر عمران کو اپنی تحریر کردہ کتاب The journey from Sight to vision (دی جرنی فرام سائٹ ٹو وژن) بھی پیش کی، انتظامیہ نے شواز کی جدوجہد کو سراہا اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ملک اور بیرون ملک کے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے انڈس ہسپتال کے اس اقدام کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 6

قیادت اور ریاستی اداروں کو قومی مفاد، آئین کی بالادستی اور عوامی فلاح کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا ماضی کے تجربات سے سبق حاصل کرتے ہوئے ہمیں ایک ایسے سیاسی ماحول کو فروغ دینا ہوگا جہاں اختلاف رائے جمہوری روایت کا حصہ ہو، مگر قومی مفادات پر پوری قوم متحد نظر آئے۔

بقیہ نمبر 7

نئی رجسٹریشن اور تجدید سے متعلق زیر التوا درخواستوں کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس دفتر ڈپٹی کمشنر مری میں منعقد ہوا

بقیہ نمبر 8

عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ خام تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچنا عالمی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہونے سے پاکستان کے درآمدی بل پر دباؤ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، جس کے نتیجے میں ملکی معیشت اور کاروباری سرگرمیوں پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے حکومت پر زور دیا کہ توانائی کی قیمتوں اور کاروباری لاگت کو قابو میں رکھنے کیلئے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگی توانائی ملکی صنعت کی پیداواری لاگت میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے، جس سے پاکستانی مصنوعات کی برآمدی مسابقتی صلاحیت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے باعث عالمی تجارت، شپنگ اور انشورنس لاگت میں اضافے کا امکان ہے، جبکہ سپلائی چین میں رکاوٹیں بھی عالمی معیشت کیلئے نئے چیلنجز پیدا کر سکتی ہیں۔ امریکہ، ایران کشیدگی اور سعودی عرب پر حوثی حملوں کے باعث عالمی تجارت اور سپلائی چین متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے بھی تجاوز کر سکتی ہیں، جس کے اثرات ترقی پذیر معیشتوں پر زیادہ شدت سے مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عالمی توانائی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے متبادل حکمت عملی وضع کرنا ہوگی۔ برآمدات میں اضافے اور درآمدی انحصار میں کمی کیلئے نجی شعبے کو مزید سہولتیں فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ توانائی بحران اور عالمی معاشی غیر یقینی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت اور بزنس کمیونٹی کو مل کر جامع حکمت عملی بنانا ہوگی۔ موجودہ صورتحال میں پاکستان کیلئے معاشی استحکام، کاروباری تسلسل اور صنعت و تجارت کیلئے سازگار ماحول اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے عالمی منڈی میں غیر یقینی صورتحال کے باعث کاروباری برادری کو درپیش نئے معاشی چیلنجز کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں امن و استحکام نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں تجارت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ضروری ہے۔ تمام فریق کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کیلئے تحمل اور دانشمندی کا مظاہرہ کریں۔

بقیہ نمبر 9

مطابق تبت میں آنے والے زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 3.5 ریکارڈ کی گئی، جبکہ زلزلے کی گہرائی 35 کلو میٹر بتائی گئی ہے

بقیہ نمبر 10

بنیادی تعلیم میں مدد دے سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا۔ اپنے ابتدائی کلمات میں کاشف منظور، ڈائریکٹر جنرل پبلک لائبریریز پنجاب نے پنجاب کے بنیادی تعلیم کے ایجنڈے کے حصے کے طور پر کتب خانوں تک رسائی بڑھانے کے صوبائی حکومت کے عزم کے حوالے سے بتایا، سعدیہ سرمد اور وقاص منظور نے بچوں کے ساتھ ایک انٹرایکٹو کہانی سنانے کا سیشن کیا جس میں کہانیوں کو سیکھنے کے لیے زندہ کرنے کی بہترین مثالیں پیش کی گئیں۔ اس کے بعد ITA اور روم ٹو ریڈ کے پاکستان لٹریسی پراجیکٹ (PLP) کے تحت قائم کردہ کتب خانوں کی جامع تشخیص کے نتائج پر ایک پریزنٹیشن بھی دی گئی۔ تقریب میں بتایا گیا کہ 2020 سے ITA نے روم ٹو ریڈ (R2R) اور محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کے ساتھ مل کر پنجاب کے سرکاری اسکولوں میں 70 سے زائد اسکول لائبریریاں قائم کی ہیں۔ اس دوران 300,1 سے زائد اساتذہ کو تربیت دی گئی اور اسکولوں میں 400,686 سے زائد کتابیں تقسیم کی گئیں

بقیہ نمبر 11

ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دنیا کے 72 بڑے شہروں پر مبنی یہ رپورٹ موسمیاتی خطرات کا جائزہ لینے والی کمپنی الفاجیو نے جاری کی ہے

بقیہ نمبر 12

معاشی مواقع سے محروم کرنے کی سازش ہے، بیرونی آقاؤں کی سرپرستی میں فتنہ الہندوستان کے تخریبی پروپیگنڈا کو بلوچستان کے باشعور عوام یکسر مسترد کر چکے ہیں۔ فتنہ الہندوستان کے ہاتھوں اپنے پیاروں کو کھو دینے والے متاثرین کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی شرپسند تنظیم فتنہ الہندوستان نوجوانوں کو اغوا کر کے بے دردی سے قتل کر دیتے ہیں، فتنہ الہندوستان کے حملوں میں شہید مزدوروں کے لواحقین نے شرپسند تنظیم کو بلوچستان کی معاشی ترقی کے دشمن قرار دیا۔ ماہرین کے مطابق بھارتی ایما پر فتنہ الہندوستان کے انتشاری پروپیگنڈا کا مقصد بلوچستان میں منفی بیانیہ کو فروغ دے کر نوجوان نسل کو گمراہ کرنا ہے، بلوچستان میں امن دشمن دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان کیعوامی حقوق کے نام نہاد دعوں کی مکروہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے۔

بقیہ نمبر 13

انہوں نے صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال اور کچرے کے ناقص انتظام پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ذمہ داران کو فوری جرمانہ کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر 14

اداروں کے طور پر کام کریں گے اور معمول کے مطابق پنشنرز سے پروف آف لائف یعنی (پنشنر کے زندہ ہونے کی تصدیق) سرٹیفکیٹ یا بائیومیٹرک معلومات کی تصدیق، وصولی، محفوظ رکھنے یا توثیق کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ حکومت نے بینکوں کو یہ بھی ہدایت کی ہے کہ پنشن اکاؤنٹس کو پنشن کی وصولی یا ادائیگی کے عمل میں ڈارمنٹ اکاؤنٹ یعنی کہ (ایسا اکاؤنٹ جس میں طویل عرصے سے کوئی لین دین نہیں ہوا) قرار نہ دیا جائے۔ نظرثانی شدہ طریقہ کار کے تحت عام بینکنگ ڈارمنٹ کے قواعد پنشن اکاؤنٹس پر لاگو نہیں ہوں گے۔ نئے طریقہ کار میں پنشن کی ادائیگی کیلئے پہلے استعمال ہونے والا فزیکل "ڈسبرسرز ہاف" کا عمل بھی ختم کر دیا گیا ہے، جبکہ وفاقی پنشن اب صرف ڈائریکٹ کریڈٹ سسٹم کے ذریعے ادا کی جائے گی۔ یہ طریقہ کار اسٹیٹ بینک آف پاکستان، اکاؤنٹنٹ جنرل کے دفاتر، نادرا اور وزارت خزانہ کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ پنشنرز نادرا کی "PakID" موبائل ایپ اور دیگر مجاز نادرا ذرائع کے ذریعے پروف آف لائف تصدیق مکمل کر سکیں گے۔ پروف آف لائف کی تصدیق اب ہر چھ ماہ یا 180 دن بعد کرانا ہوگی، جبکہ مارچ اور ستمبر میں مقررہ تصدیق کا سابقہ شیڈول ختم کر دیا گیا ہے۔ نئے قواعد کے تحت بینک پنشنرز کو معمول کی پروف آف لائف تصدیق کیلئے برانچ آنے پر مجبور نہیں کر سکیں گے، نہ ہی فزیکل لائف سرٹیفکیٹ یا بائیومیٹرک معلومات جمع کرنے کا تقاضا کر سکیں گے۔ اسی طرح بینک پروف آف لائف سرٹیفکیٹ جمع نہ کرانے کی بنیاد پر پنشن اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کی سہولت پر پابندی بھی عائد نہیں کر سکیں گے۔ نظرثانی شدہ طریقہ کار کے مطابق پنشن اکاؤنٹ صرف پنشنر یا اہل فیملی پنشنر کے نام پر کھولا جائے گا، جبکہ مشترکہ پنشن اکاؤنٹ کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی

بقیہ نمبر 15

اسلام آباد میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں چیئرمین وفاقی بورڈ ڈاکٹر اکرام علی ملک، بورڈ کے اعلیٰ حکام، افسران، تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ، والدین، طلبہ و طالبات اور پوزیشن ہولڈرز نے شرکت کی۔ وفاقی بورڈ کی جانب سے جاری کردہ نتائج کے مطابق HSSC پارٹ اوّل، یعنی جماعت گیارہویں، میں کامیابی کا مجموعی تناسب 31.65 فیصد رہا، جبکہ HSSC پارٹ دوم، یعنی جماعت بارہویں، میں کامیابی کی شرح 95.85 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ نتائج میں مختلف گروپس سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اپنی محنت، لگن اور تعلیمی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا۔ میڈیکل گروپ میں آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج فار گرلز، 208 ہمایوں روڈ، راولپنڈی کینٹ کی طالبہ عمارہ اظہر نے 079,1 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ پنجاب کالج آف سائنس، بلیو ایریا، اسلام آباد کے محمد جہانزیب نے 078,1 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج، گوجرانوالہ کینٹ کی طالبہ سیدہ ایمان فاطمہ نے 076,1 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پری انجینئرنگ گروپ میں آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج فار گرلز، پاسبان، راولپنڈی کی طالبہ رامین ارجمند نے 075,1 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ آرمی پبلک اسکول اینڈ کالج، گوجرانوالہ کینٹ کی زینب سمیع نے 076,1 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ کیمپس کالج، واہ کینٹ کیمپس، جی ٹی روڈ، واہ کینٹ کی انساء فاطمہ نے 068,1 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سائنس جنرل گروپ میں پنجاب کالج آف سائنس، بلیو ایریا، اسلام آباد کے عبداللہ اظہر نے 063,1 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ڈیفنس فورسز پبلک اسکول اینڈ کالج، راولپنڈی کینٹ کے حیان اظہر نے 059,1 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ پنجاب کالج گروپ آف کالجز، ہل کیمپس، H-11/4، اسلام آباد کی بادیہ ذکریا نے 056,1 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ کامرس گروپ میں HCCS ایجوکیشنل سسٹم، گرلز کیمپس، ڈھوک مستقیم روڈ، راولپنڈی کی اقصیٰ فاروق نے 051,1 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اسی ادارے کی طالبہ عائزہ افضل نے 047,1 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ پنجاب کالج، جناح کیمپس، اسلام آباد کی آمنہ آصف نے 046,1 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ہیومینٹیز گروپ میں آرمی پبلک ڈگری کالج، ملیر کینٹ، کراچی کی طالبہ ایمان فاطمہ نے 007,1 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز، F-6/2، اسلام آباد کی آمنہ اظہر نے 003,1 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ IMCB H-9، اسلام آباد کے راجہ یحییٰ بن فاضل اور F.G. ڈگری کالج، عزیز بھٹی روڈ، لاہور کینٹ کے عمیر رضا نے 002,1، 002,1 نمبر حاصل کر کے مشترکہ طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ نتائج کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین وفاقی بورڈ ڈاکٹر اکرام علی ملک نے وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کو وفاقی بورڈ کے امتحانی نظام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے امتحانات کے انعقاد، امتحانی مراکز کے انتظامات، اسپیکشن کے عمل، امتحانی پرچوں کی جانچ اور مارکرز کے انتخاب سمیت مختلف مراحل کے بارے میں آگاہ کیا۔ چیئرمین وفاقی بورڈ نے کہا کہ بورڈ کی جانب سے امتحانی عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ پر مبنی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کی محنت اور ان کی تعلیمی کارکردگی کو منصفانہ انداز میں جانچنا وفاقی بورڈ کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے امتحانی نظام کے ہر مرحلے میں شفافیت کو ترجیح دی گئی ہے۔ ڈاکٹر اکرام علی ملک نے سالانہ امتحانات 2026 میں کامیاب ہونے والے تمام طلبہ و طالبات، بالخصوص پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کی کامیابی میں ان کے والدین، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کی محنت اور رہنمائی کا بھی اہم کردار ہے۔ انہوں نے پوزیشن ہولڈرز کے والدین اور اساتذہ کو بھی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج کی کامیابی ان کی مسلسل محنت، رہنمائی اور تعاون کا نتیجہ ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے سالانہ امتحانات 2026 میں کامیاب ہونے والے تمام طلبہ و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لیے یہ انتہائی خوش آئند اور باعث فخر امر ہے کہ ہمارے ہونہار اور باصلاحیت بچے دنیا بھر میں اپنی صلاحیتوں کے ذریعے ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے پوزیشن ہولڈرز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کامیابی ان کی محنت، عزم، نظم و ضبط اور مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانات میں بہترین کارکردگی حاصل کرنا بلاشبہ ایک بڑی کامیابی ہے، تاہم یہ کامیابی طلبہ کے لیے ایک نئے سفر کا آغاز بھی ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے، محنت اور عزم کے ساتھ اپنی تعلیم اور عملی زندگی میں آگے بڑھیں۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ آج کی دنیا میں تعلیم کے ساتھ ہنر کا حصول بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ جدید دور کی ضروریات تیزی سے تبدیل ہو رہی ہیں اور نوجوانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ روایتی تعلیم کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ مہارتوں پر بھی توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند اور تعلیم یافتہ نوجوان ہی پاکستان کو معاشی، سماجی اور علمی میدان میں آگے لے جا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہے۔ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو درست سمت میں بروئے کار لاتے ہوئے نہ صرف ملکی ضروریات پوری کی جا سکتی ہیں بلکہ پاکستان کو عالمی سطح پر ایک مضبوط اور مسابقتی ملک کے طور پر بھی اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے علم اور صلاحیتوں کو ذاتی کامیابی کے ساتھ ساتھ ملک و قوم کی خدمت کے لیے بھی استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب طلبہ و طالبات ملک کا روشن مستقبل ہیں اور ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں بروئے کار لائیں۔ انہوں نے طلبہ کو مستقبل میں اعلیٰ تعلیم، تحقیق، سائنس و ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارتوں اور دیگر شعبوں میں بھرپور محنت کرنے کی تلقین کی۔ وفاقی وزیر نے چیئرمین وفاقی بورڈ ڈاکٹر اکرام علی ملک اور ان کی ٹیم کی جانب سے امتحانات، اسپیکشن اور مارکرز کے انتخاب میں شفافیت کو یقینی بنانے کے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایک شفاف اور منصفانہ امتحانی نظام طلبہ کے اعتماد کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ امتحانات محض طلبہ کے علم اور قابلیت کو جانچنے کا ذریعہ نہیں بلکہ ان میں نظم و ضبط، ذمہ داری اور محنت کا شعور پیدا کرنے کا بھی اہم ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ ہر طالب علم کو اپنی حقیقی صلاحیت کے مطابق آگے بڑھنے کا منصفانہ موقع مل سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج کی تقریب کے حقیقی مہمانِ خصوصی ہمارے طلبہ ہیں، خصوصاً وہ طلبہ و طالبات جنہوں نے اپنی غیر معمولی محنت اور شاندار تعلیمی کارکردگی کے ذریعے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کے لیے آج کا دن ان کی زندگی کا ایک یادگار لمحہ ہے اور ان کی کامیابی نہ صرف ان کے والدین اور اساتذہ بلکہ پورے ملک کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کامیاب طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی کامیابی پر فخر ضرور کریں لیکن اسے اپنی منزل نہ سمجھیں۔ حقیقی کامیابی مسلسل سیکھنے، اپنی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور معاشرے کے لیے مثبت کردار ادا کرنے میں ہے۔

بقیہ نمبر 16

کو قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق واقعے کے محرکات کا تعین کیا جا رہا ہے جبکہ شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ ذمہ داران کا تعین تفتیش مکمل ہونے کے بعد کیا جائے گا۔ واقعے کے بعد راولپنڈی جوڈیشل کمپلیکس میں تشویش کی لہر دوڑ گئی جبکہ وکلا کی جانب سے بھی واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 17

سرگرمیوں کو ایک مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول پلیٹ فارم سے منسلک کیا گیا ہے جس سے شہر کی مجموعی صورتحال کی موثر نگرانی اور بروقت فیصلہ سازی میں مدد ملے گی۔ سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال پولیسنگ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ جدید کمانڈ اور مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے فیلڈ فورس کی تعیناتی اور کارکردگی کی نگرانی مختلف پولیس یونٹس کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور ہنگامی صورتحال میں تیز رفتار پولیس رسپانس یقینی بنایا جا سکے گا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ مصنوعی ذہانت سمیت جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے جرائم کی روک تھام شہریوں کے تحفظ اور پولیس آپریشنز کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید کمانڈ کنٹرول کیو کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر اسلام آباد پولیس کی کمانڈ مانیٹرنگ اور فیلڈ آپریشنز کو مربوط بنانے کے ساتھ ساتھ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور موثر پولیس رسپانس یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سید علی ناصر رضوی نے مزید کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے جدید ٹیکنالوجی بروقت معلومات اور دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے پولیسنگ کے نظام کو مزید جدید اور مضبوط بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 18

ریکارڈ یافتہ اور عدالتی مفروران کے خلاف چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران مزید 4 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ No to Weapon مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ اسلحے کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ ریکارڈ یافتہ اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری اور شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 19

ضروریات کے پیش نظر انتظامی ڈھانچے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ صوبوں کی افادیت صرف انتظامی تقسیم تک محدود نہیں بلکہ مضبوط صوبائی نظام تعلیم صحت انفراسٹرکچر روزگار امن و امان اور بلدیاتی سہولیات کی بہتر فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے عمر مغل نے کہا کہ اسلام آباد محض پاکستان کا دارالحکومت نہیں بلکہ ملک کی سیاسی سفارتی انتظامی اور معاشی سرگرمیوں کا اہم مرکز ہے یہاں ملکی و غیر ملکی سفارت خانے اہم قومی ادارے پارلیمنٹ سپریم کورٹ، وزارتیں اور متعدد بین الاقوامی ادارے قائم ہیں اسلام آباد کی بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری ضروریات اس امر کی متقاضی ہیں کہ دارالحکومت کے لیے ایسا موثر انتظامی نظام تشکیل دیا جائے جو جدید شہری تقاضوں کو پورا کر سکے انہوں نے کہا کہ ممبران قومی اسمبلی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور چیئرمین قائمہ کمیٹی راجہ خرم نواز کی کاوشیں اس حوالے سے قابل تحسین ہیں

بقیہ نمبر 20

مطابق گوجر خان کے نواحی علاقے جیرو رتیال کی ڈھوک گوندل سے محمد آیان علی گزشتہ روز صبح تقریباً 9 بجے اپنے گھر سے نکلا تھا، تاہم واپس نہ آنے پر اہل خانہ نے اس کی تلاش شروع کر دی۔ بچے کے لاپتہ ہونے کی اطلاع پولیس کو دی گئی، جس پر گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بچے کے ماموں غفار احمد قریشی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی تھی۔ تلاش کے دوران بچے کی نعش ڈھوک گوندل کے قریب ایک کنویں سے برآمد ہوئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچیں اور ضروری کارروائی کے بعد نعش کنویں سے نکال لی گئی۔ محمد آیان علی یتیم بتایا جاتا ہے اور ڈھوک ماسٹر علی شان، داخلی ڈھوک گوندل کا رہائشی تھا۔ کم سن بچے کی اچانک موت کی خبر پر اہل علاقہ میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی۔ پولیس نے واقعہ کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ بچے کی موت کے اصل محرکات اور حالات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 21

جائے۔ اہلیان علاقہ نے شفاف تحقیقات کرنے کا بھی مطالبہ کر دیا ہے تفصیلات کے مطابق اڈیالہ روڈ پر ایک انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والے حادثے میں الیکٹرک بس کی زد میں آ کر سکول کی طالبہ جاں بحق ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق تقریباً نو سالہ عائشہ مقبول کو الیکٹرک بس نے کچل دیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ کا منظر انتہائی دردناک تھا۔ معصوم طالبہ کے شوز اور سکول کا ٹوٹا ہوا لنچ بکس سڑک پر خون میں لت پت پڑا رہا۔ یہ منظر دیکھ کر جائے حادثہ پر موجود ہر آنکھ اشکبار ہو گئی اور علاقے میں شدید غم و افسوس کی فضا پیدا ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں ملوث الیکٹرک بس کا نمبر RWP-EV-031 بتایا جا رہا ہے۔ یاد رہے اڈیالہ روڈ کے گنجان آباد علاقے میں جہاں درجنوں سکول موجود ہیں اور روزانہ بڑی تعداد میں بچے سڑکوں پر آتے جاتے ہیں، وہاں پر جیل قیدیوں کی بسیں، واٹر ٹینکر، ٹریکٹر اور دیگر ہیوی اور پبلک ٹرانسپورٹ کی رفتار پر موثر نگرانی کیوں نہیں رکھی جاتی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سکولوں اور آبادی والے علاقوں میں ڈرائیورز کو خصوصی احتیاط کا پابند بنایا جانا چاہیے۔ اگر کسی ڈرائیور کی لاپرواہی، غفلت یا تیز رفتاری حادثے کا سبب ثابت ہو تو قانون کے مطابق ذمہ دار شخص کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہونی چاہیے تاکہ آئندہ کسی اور گھر کا چراغ اس طرح نہ بجھے۔ علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حادثے کی شفاف تحقیقات کی جائیں، سیفٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور اگر ڈرائیور کی غفلت ثابت ہو تو اسے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

بقیہ نمبر 22

منور حسین سے رابطہ کیا۔ درخواست گزار کے مطابق اس نے اپنی پہلی اہلیہ کی اجازت کے بعد سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے رجوع کیا تو سیکرٹری کی جانب سے مبینہ طور پر 50 ہزار روپے رشوت طلب کی گئی، تاہم بعد ازاں مبینہ طور پر 20 ہزار روپے میں معاملہ طے ہوا۔ شہری نے مبینہ رشوت دینے کے بجائے اینٹی کرپشن حکام سے رجوع کیا، جس پر اینٹی کرپشن راولپنڈی نے قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد ٹریپ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مبینہ طور پر رشوت کی رقم وصول کرتے ہی سیکرٹری یونین کونسل منور حسین کو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے قبضے سے 20 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے گئے۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق ملزم کے خلاف انسداد رشوت خوری ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ حالیہ کارروائی اس امر کی عکاس ہے کہ پنجاب حکومت کی انسداد بدعنوانی مہم کے تحت سرکاری اداروں میں رشوت ستانی اور اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال کے خلاف کارروائی کا دائرہ نچلی سطح تک وسیع کیا جا رہا ہے۔ شہری حلقوں نے کارروائی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری امور کی انجام دہی کے عوض مبینہ غیر قانونی رقوم طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی سے سرکاری اداروں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 23

ڈاکٹر صاحبزادہ ساجد الرحمن سجادہ نشین بگھار شریف کانفرنس کی صدارت جبکہ مہمان خصوصی ڈاکٹر طاہر القادری کے فرزند ڈاکٹر حسن محی الدین قادری ہوں گے۔ میزبانی کے فرائض سی ای او کہوٹہ لاء کالج صاحبزادہ عزیر ہاشم سرانجام دیں گے۔ کانفرنس کا پہلا سیشن 11 ستمبر بروز جمعہ صبح دس بجے جبکہ دوسرا سیشن بعد از نماز جمعہ ہوگا۔ سالانہ میلاد کانفرنس میں ہر سال ہزاروں کی تعداد میں علاقہ بھر سے آزاد کشمیر، راولپنڈی، جہلم، اٹک، چکوال سمیت پاکستان سے علماء دین اور مذہبی سکالرز کے ساتھ ساتھ طلباء، شہری، صحافی، تاجر، وکلاء اساتذہ اور ہر مکتبہ فکر سے بڑی تعداد میں اہلیان علاقہ معززین بھی شریک ہوتے ہیں۔ کہوٹہ لاء کالج کے زیر اہتمام ہر سال کی طرح 11 ستمبر 2026 بروز جمعہ المبارک عظیم الشان میلاد مصطفیٰ ﷺ کی ایک پروقار اور روح پرور تقریب منعقد کی جا رہی ہے۔ جس کی تیاریاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ اہل کہوٹہ اور بالخصوص فرزندان اسلام کے لیے یہ انتہائی خوشی اور سعادت کا موقع ہے کہ اس بابرکت تقریب میں عظیم مبلغ اسلام، شیخ الحدیث والقرآن پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کے فرزند، پروفیسر ڈاکٹر محی الدین قادری، چیئرمین سپریم کونسل منہاج القرآن انٹرنیشنل بطور مہمان خصوصی شرکت اور خصوصی خطاب فرمائیں گے۔ میلاد مصطفیٰ ﷺ کی اس عظیم الشان تقریب کی صدارت چیئرمین کہوٹہ لاء کالج، مذہبی اسکالر پروفیسر ڈاکٹر صاحبزاد ساجد الرحمن، سجادہ نشین دربار عالیہ بگھار شریف کریں گے۔ جبکہ سی ای او کہوٹہ لاء کالج صاحبزادہ عزیر ہاشم بھی تقریب میں خصوصی طور پر شریک ہوں گے۔

بقیہ نمبر 24

خطرات سے متعلق درست معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ نیو یارک کے میئر ظہران ممدانی نے 9/11 حملوں سے متعلق ایک لاکھ 70 ہزار نئی دستاویزات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکام نے عوام کو یقین دلایا کہ ہوا سانس لینے کے لیے محفوظ ہے حالانکہ بعد میں سامنے آنے والے ریکارڈز میں خطرناک آلودگی کے شواہد موجود تھے۔

بقیہ نمبر 25

، لینڈ اسکیپنگ اور باغبانی کی سرگرمیاں جاری ہیں جاری شجرکاری مہم کے تحت انوائرنمنٹ ونگ سی ڈی اے اور اس کی فیلڈ ٹیمیں مختلف نشاندہی شدہ مقامات پر درختوں، پھولدار پودوں، سجاوٹی پودوں، جھاڑیوں اور دیگر موزوں اقسام کی شجرکاری میں مصروف عمل ہیں۔ گرین بیلٹس، روڈ میڈیئنز، پارکس، چوراہوں اور نمایاں عوامی مقامات پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ان مقامات کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جا سکے اور اسلام آباد کے منفرد سرسبز تشخص کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ انوائرنمنٹ ونگ سی ڈی اے کی جانب سے خشک یا خراب ہونے والے پودوں اور درختوں کی جگہ نئے پودے لگانے، پہلے سے موجود گرین ایریاز کو بہتر بنانے اور خالی و غیر ترقی یافتہ مقامات کی لینڈ اسکیپنگ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ نئے لگائے گئے درختوں اور پودوں کی بہتر نشوونما اور بقا کے لیے باقاعدگی سے پانی دینے، دیکھ بھال اور بعد از شجرکاری نگہداشت کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ نئی شجرکاری کے ساتھ ساتھ انوائرنمنٹ ونگ سی ڈی اے کی جانب سے پہلے سے موجود گرین اسپیسز کی مسلسل دیکھ بھال بھی جاری ہے، جس میں درختوں اور پودوں کی تراش خراش، پانی کی فراہمی، گھاس کی کٹائی، لینڈ اسکیپنگ اور دیگر باغبانی کی سرگرمیاں شامل ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد صرف درخت لگانا نہیں بلکہ ان کی مسلسل نگہداشت، حفاظت اور دیکھ بھال کو بھی یقینی بنانا ہے۔۔ انوائرنمنٹ ونگ کی جانب سے شجرکاری مہم میں عوامی شمولیت کی بھی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ شہریوں، تعلیمی اداروں، کاروباری مراکز اور دیگر تنظیموں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اسلام آباد کے گرین کور میں اضافے اور موجودہ درختوں و پودوں کے تحفظ کے لیے فعال کردار ادا کریں۔ شہریوں نے سی ڈی اے انوائرنمنٹ ونگ کی جانب سے جاری شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ مہم اور اس کی انتھک کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے اسلام آباد کو مزید خوبصورت، سرسبز اور ماحول دوست بنانے کی جانب ایک مثبت اور نمایاں قدم قرار دیا ہے۔ رہائشیوں نے بالخصوص گرین بیلٹس، روڈ میڈیئنز، پارکس اور عوامی مقامات کی بہتری کا خیر مقدم کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ شہر بھر میں ایسی سرگرمیاں اسی جذبے اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 26

دیگر عزیز و اقارب اور معتقدین کے پاس ٹھہریں گے۔ تفصیلات کے مطابق عظیم روحانی پیشوا پیر عبدالوسید سعید جیلانی المعروف پیر سی چیرمین سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ گزشتہ روز یورپ کے دورے پر روانہ ہو گئے ہیں انہیں انکے بیٹے شہریار وسیم اور دیگر عزیز و اقارب اور معتقدین نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران اپنے بیٹے حماد کے پاس ٹھہریں گے جہاں اپنے عزیز و اقارب اور معتقدین سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ نمبر 27

کے گھر داخل ہوا، دست درازی کی، تشدد کیا اور دھمکیاں دیں، اشتہاری سال 2024 سے پولیس کو مطلوب تھا، گوجر خان پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 28

کرائے جائیں تاکہ گورننس کے تینوں درجے مکمل طور پر فعال ہو سکیں۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے یوگڈ کے سی ای او سید اشتیاق گیلانی، پروگرام مینیجر یوگڈ مہوش کیانی، سپارک کے پروگرام مینیجر ڈاکٹر خلیل احمد ڈوگر و دیگر کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے کئی بار اعلانات کیے جا چکے ہیں، حلقہ بندیوں کا عمل بھی متعدد مرتبہ مکمل ہوا، تاہم انتخابات تاحال منعقد نہیں ہو سکے۔ بار بار انتخابات ملتوی ہونے سے نہ صرف انسانی اور مالی وسائل ضائع ہوئے بلکہ شہریوں کو بھی مقامی سطح پر اپنے مسائل کے حل کے لیے موثر نمائندگی میسر نہیں آ رہی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ مقامی حکومتیں اختیارات کو مرکز سے نچلی سطح تک منتقل کرنے کا سب سے موثر ذریعہ ہیں۔ یونین کونسل کی سطح پر چیئرمین، وائس چیئرمین اور مختلف طبقات کی نمائندگی کے ذریعے خواتین، نوجوانوں، کسانوں اور خصوصی افراد سمیت معاشرے کے مختلف طبقات کو فیصلہ سازی میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلیوں، سڑکوں، صفائی، بنیادی صحت، تعلیم، پیدائش و وفات کے سرٹیفکیٹس اور دیگر روزمرہ کے شہری مسائل کے حل کے لیے شہریوں کو منتخب مقامی نمائندوں تک براہ راست رسائی حاصل ہونی چاہیے۔ ان مسائل کے حل کے لیے ہر معاملہ قومی یا صوبائی اسمبلی کے ارکان کے پاس لے جانا موثر نظام حکمرانی کی علامت نہیں۔ مقررین نے کہا کہ اسلام آباد میں مختلف سرکاری اداروں کے درمیان اختیارات کی تقسیم واضح نہ ہونے کے باعث ایک ہی نوعیت کے کام متعدد محکمے انجام دیتے ہیں، جس سے وسائل کے ضیاع کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مقامی حکومت کے قیام سے ذمہ داریوں، اختیارات اور وسائل کی تقسیم واضح ہو سکتی ہے۔ انہوں نے آئین کے آرٹیکل 140-A سمیت آئینی تقاضوں کے مطابق بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منتخب بلدیاتی نمائندوں کو انتظامی اور مالی خودمختاری دی جانی چاہیے تاکہ وہ اپنے علاقوں کے مسائل موثر انداز میں حل کر سکیں۔ پروگرام کی منتظمین میں شامل ایشائی نے کہا کہ ان کی تنظیم گزشتہ ڈیڑھ سال سے اسلام آباد میں مقامی حکومت اور جمہوریت کے فروغ کے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مقامی حکومت گورننس کا تیسرا اور اہم ترین درجہ ہے، اس لیے جس طرح قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کرائے جاتے ہیں اسی طرح بلدیاتی انتخابات بھی بروقت اور باقاعدگی سے ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ راتوں رات انتخابات ملتوی یا منسوخ کرنے کے بجائے ایک واضح اور مستقل نظام وضع کیا جائے تاکہ بار بار حلقہ بندیوں، انتخابی تیاریوں اور دیگر مراحل پر خرچ ہونے والے انسانی و مالی وسائل ضائع نہ ہوں۔ ایشائی نے کہا کہ مقامی حکومتوں کو مالی اور انتظامی خودمختاری دینا ضروری ہے، کیونکہ اختیارات کے ساتھ وسائل بھی نچلی سطح تک منتقل ہونا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ منتخب نمائندوں کو اختیارات اور وسائل نہ ملنے کی صورت میں مقامی حکومتیں محض نمائشی ادارے بن کر رہ جائیں گی۔ انہوں نے میڈیا سے اپیل کی کہ وہ عوام میں مقامی حکومت کے کردار اور اختیارات کے حوالے سے آگاہی پیدا کرے اور اس امر کو اجاگر کرے کہ کون سا کام وفاقی، صوبائی یا مقامی حکومت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ مقررین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بلدیاتی اداروں میں خواتین، خصوصی افراد اور دیگر کم نمائندگی رکھنے والے طبقات کی موثر شمولیت یقینی بنائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی آبادی کا تقریباً نصف حصہ خواتین پر مشتمل ہے، اس لیے فیصلہ سازی کے اداروں میں خواتین کی مناسب نمائندگی کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ سول سوسائٹی نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات مزید تاخیر کے بغیر کرائے جائیں، منتخب نمائندوں کو واضح اختیارات اور مالی وسائل دیے جائیں اور مقامی حکومت کے نظام کو مستقل بنیادوں پر مضبوط کیا جائے تاکہ شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں

بقیہ نمبر 29

طالب علموں کے ساتھ مبینہ طور پر 7 نوجوانوں نے مبینہ طور زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ نازیبا ویڈیو بنا کر بلیک میلنگ کی اور رقم ہتھیائی گئی۔ ملزمان اور متاثرہ نوجوان کلاس فیلو ہیں۔ دوسری جانب، صدر پولیس اسٹیشن کی حدود میں 14 سالہ لڑکی سے مبینہ زیادتی کی کوشش اور چھیڑ خانی کرنے والا ملزم جاوید محمد گرفتار کر لیا گیا۔ تھانہ صدر کے ڈی ایس پی فیصل حفیظ نے مقدمات درج کر لیے۔ واقعات میں ملوث 8 میں سے 7 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ تینوں واقعات کی دفعات 292 A385,375، 53cpa377، کے تحت مقدمات درج کیے گئے

بقیہ نمبر 30

کے استحکام اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں، جس کے مثبت نتائج عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترجیحات میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، تعلیم و صحت کے شعبوں کو بہتر بنانا اور ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنانا شامل ہے۔ وفاقی حکومت کی پالیسیوں کے باعث ملک میں معاشی استحکام کی بنیاد مضبوط ہو رہی ہے جبکہ پنجاب حکومت بھی عوامی خدمت کے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات میں کیا۔ شازیہ فرید نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر میں نئی حکومت کے قیام سے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں۔ انہیں توقع ہے کہ نئی حکومت آزاد کشمیر کی ترقی، عوامی مسائل کے حل، روزگار کے مواقع، سیاحت کے فروغ اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے موثر اقدامات کرے گی۔ وفاقی حکومت بھی آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کا رشتہ محض سیاسی نہیں بلکہ تاریخی، آئینی اور جذباتی بنیادوں پر قائم ہے، اس لیے آزاد کشمیر کی ترقی پاکستان کی مجموعی ترقی کا اہم حصہ ہے۔ رکن قومی اسمبلی نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل کی قیادت اور قومی سلامتی کے اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں نے ملک کے دفاع، استحکام اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط کیا ہے، پوری قوم ملکی سلامتی اور دفاع کے لیے اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ شازیہ فرید نے کہا کہ سیاسی قیادت، حکومت اور ریاستی اداروں کے درمیان قومی مفاد میں تعاون ہی پاکستان کو مضبوط، مستحکم اور خوشحال بنانے کا بہترین راستہ ہے۔ ہمیں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے متحد ہو کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 31

گے۔ پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ صوبے آزمائشی طور پر نہیں بننے چاہئیں، صوبوں کے حوالے سے جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیے ایسے اقدامات نہیں ہوں جس سے وفاق کو نقصان پہنچے۔

بقیہ نمبر 32

سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ پاکستان کی 33 ویں سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ 17 ستمبر 2026 کو سرکاری ملازمت سے ریٹائر ہو جائیں گی، انہوں تین دہائیوں سے زائد عرصے تک سفارتی خدمات انجام دیں، وہ 11 ستمبر 2024 سے سیکریٹری خارجہ کے منصب پر فائز

بقیہ نمبر 33

ٹریفک متاثر کرنے کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، دوسری کارروائی واشک میں کی گئی جہاں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کیا گیا، آپریشن میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 دہشت گرد ہلاک ہوئے، فورسز نے 2۔9 ٹن دھماکا خیز مواد قبضے میں لے لیا، قبضے میں لیا گیا دھماکا خیز مواد دیسی ساختہ بم بنانے کے لئے استعمال کیا جا رہا تھا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ علاقے میں ممکنہ دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 34

وہ بیٹی کی گریجویشن پر بہت خوش ہیں، یہ ان کے اور ان کے خاندان کے لیے خوشی کا موقع ہے۔

بقیہ نمبر 35

کو محض رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک ہے۔ بدھ کو جسٹس منیب اختر، جسٹس ملک شہزاد اور جسٹس صلاح الدین پنہور پر مشتمل بنچ نے کیس کا فیصلہ سنایا، جبکہ فیصلہ جسٹس صلاح الدین پنہور نے تحریر کیا، سپریم کورٹ نے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر سخت برہمی کا اظہار بھی کیا۔ سپریم کورٹ نے 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے مخالف فریق کی نظرثانی خارج کرنے کا حکم واپس لینے کی درخواست بھی مسترد کر دیے۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ عدالتی نظام کی بنیاد یقین، نظم و ضبط اور عدالتی احکامات کی حرمت پر ہے، اس لیے عدالتی احکامات کی پابندی ہر صورت لازم ہے، عدالتی رعایت کو محض رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک ہے۔ فیصلے کے مطابق نظرثانی کیس میں 4 مارچ 2024 کو مشروط التوا دیا گیا تھا، تاہم 12 ستمبر کو ہونے والی اگلی سماعت پر دوبارہ التوا کی درخواست کی گئی، دوبارہ التواء مانگنے پر عدم پیروی کے باعث نظرثانی درخواست خارج کردی گئی تھی۔ عدالت نے قرار دیا کہ اب نظرثانی خارج کرنے کا فیصلہ واپس لینا 4 مارچ 2024 کا حکم واپس لینے کے مترادف ہوگا۔ سپریم کورٹ نے واضح کیا کہ فریقین اور وکلا کی جانب سے عدالت کی مہربانی کو محض ضابطے کی کارروائی سمجھنا عدالتی احکامات کی سنجیدگی اور تقدس کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے۔ مقدمے کے مطابق زیتون بی بی کے والد کا انتقال 1976 میں ہوا تھا اور انہیں اس وقت سے وراثتی جائیداد سے محروم رکھا گیا، سپریم کورٹ نے 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے مخالف فریق کی درخواست مسترد کردی۔ یاد رہے کہ نظرثانی درخواست بھی 2024 میں خارج ہو چکی تھی۔

بقیہ نمبر 36

جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 52 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی ہے جس سے صارفین پر 12 ارب 67 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا۔ بجلی صارفین کو ستمبر، اکتوبر اور نومبر میں اضافی ادائیگیاں کرنا ہوں گی۔ نیپرا کا کہنا ہے کہ اضافے کا اطلاق لائف لائن صارفین پر نہیں ہوگا جبکہ 52 پیسے فی یونٹ اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔ واضح رہے کہ اگست میں ملک بھر کے لیے بجلی 75 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی تھی۔ جون 2026 کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مہنگی کی گئی تھی جس کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوا۔ اضافے کا اطلاق اگست کے بلوں میں کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 37

پیپلز پارٹی عوام اور منتخب نمائندوں کی رائے کو اہمیت دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی قسمت چند کاروباری افراد کے ہاتھ میں نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 38

دوران کیف کے مختلف علاقوں میں آگ بھڑک اٹھی جبکہ 14 بلند عمارتوں، ایک ہاسٹل، اسکول، کلینک اور گوداموں سمیت متعدد مقامات کو نقصان پہنچا۔ ایک روسی ڈرون نے یوکرینی ٹی وی چینل کی عمارت کو بھی جزوی طور پر تباہ کر دیا۔ یہ حملے امریکی امن مذاکرات کار جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف کے کیف سے روانہ ہونے کے بعد کیے گئے۔ دونوں امریکی نمائندوں نے روس اور یوکرین میں جنگ بندی اور مذاکرات کی بحالی کے لیے بات چیت کی تھی۔ یوکرینی فضائیہ کے مطابق فضائی دفاعی نظام نے تقریباً تمام کروز میزائلوں اور دو بیلسٹک میزائلوں کو روک لیا۔ تاہم حملوں کے باعث کیف کے علاوہ دیگر علاقوں میں بھی جانی و مالی نقصان ہوا۔ شمالی علاقے سومی میں روسی ڈرون نے ایک ٹرین کو بھی نشانہ بنایا، جس کے بعد مسافروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ روس اور یوکرین کے دارالحکومتوں پر تین روزہ حملوں کے وقفے کو امریکی امن مذاکرات کاروں کے دوروں کے دوران عارضی کشیدگی میں کمی کے طور پر دیکھا گیا تھا، تاہم کیف پر تازہ حملے سے جنگ بندی کی کوششوں کو ایک اور دھچکا لگا ہے۔

بقیہ نمبر 40

، سعودی عرب اور ترکیے کا مشترکہ دفاعی معاہدہ آپریشنل ہوگا، سہ فریقی مکہ معاہدے کے مطابق ایک ملک پر جارحیت تینوں ملکوں پر جارحیت تصور کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 41

گردی عدالت نے ملزم کی جانب سے مسلسل عدم پیشی اور قانونی کارروائی سے روگردانی کا سخت نوٹس لیا، عدالت نے قرار دیا کہ مینا خان آفریدی جان بوجھ کر عدالتی کارروائی کا حصہ بننے سے گریزاں ہیں اور مسلسل غیر حاضر رہے ہیں

بقیہ نمبر 42

کراچی پورٹ کی عالمی رینکنگ ایک سال میں 99 سے 69 ویں پوزیشن پر پہنچ گئی جبکہ پورٹ قاسم کی عالمی رینکنگ میں بھی نمایاں بہتری سے بندرگاہ 74 سے 56 ویں پوزیشن پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 43

اہل خانہ کو فراہم کی جانے والی مختلف فلاحی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر مملکت محمد چوہدری چوہدری نے ملکی تاریخ میں ریکارڈ ریونیو اکٹھا کرنے پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور ادارے کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ موجودہ حکومت کی مزدور دوست پالیسیوں اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل جناب چوہدری سالک حسین کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں ورکرز ویلفیئر فنڈ صنعتی مزدوروں اور ان کے خاندانوں کو ہر ممکن فلاحی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھرپور انداز میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود، ان کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی، رہائشی سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات کے ذریعے ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر مملکت نے ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے ادارے کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ بنانے کے اقدامات کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فلاحی خدمات کی فراہمی میں شفافیت، تیز رفتاری اور موثر نگرانی کے لیے ڈیجیٹل نظام کا نفاذ ایک اہم اور قابل تحسین قدم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے کیش لیس پالیسی اختیار کرنا بھی ایک مثالی اقدام ہے، جس سے نہ صرف شفافیت اور میرٹ کو فروغ ملا ہے بلکہ محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کو فلاحی سہولیات کی فراہمی کا عمل مزید آسان، محفوظ اور موثر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی جانب سے ڈیجیٹلائزیشن اور کیش لیس نظام کا نفاذ سرکاری اداروں میں جدید طرز حکمرانی کی ایک بہترین مثال ہے۔ جناب محمد عون چوہدری نے مزید کہا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ وزیراعظم پاکستان جناب محمد شہباز شریف کی پالیسیوں اور وژن پر مکمل اعتماد کے ساتھ عمل پیرا ہے اور محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں زیادہ سے زیادہ فلاحی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، جبکہ ورکرز ویلفیئر فنڈ کو مزید موثر، شفاف اور جدید ادارہ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ جناب ذوالفقار احمد نے وزیر مملکت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی ذمہ داریاں مزید بہتر انداز میں ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 44

معاونت یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے زیر اہتمام پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام صدر نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تمام شراکت داروں کو اس اہم فورم کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سمٹ دو ناگزیر قومی ترجیحات، خواتین کی قیادت اور موثر عوامی پالیسی کو یکجا کرتی ہے

بقیہ نمبر 45

۔ اس حوالے سے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، فرنٹ لائن پولیو ورکرز ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر تک ملک کے 115 اضلاع میں منعقد ہوگی، جس کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 46

سے کامیابی سے بچاؤ کیا اور علاقائی پانیوں میں گشت جاری رکھا جبکہ حملوں میں کسی امریکی اہلکار کو نقصان نہیں پہنچا۔

بقیہ نمبر 47

مقامی گیس ذخائر میں مزید اضافے کی توقع کی جا رہی ہے، نئی گیس سے ملکی توانائی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 48

ترین ٹینڈر میں ایل این جی کارگو کی فراہمی کیلئے کسی بھی عالمی کمپنی نے کوئی بولی جمع نہیں کرائی۔

بقیہ نمبر 49

پرائیویٹ جہاز پر وطن واپس آ رہے ہیں جبکہ گزشتہ روز صدر آصف زرداری کا طیارہ لندن میں تکنیکی مسائل کی وجہ سے اڑان نہیں بھر سکا تھا۔ صدر آصف علی زرداری نے لندن میں وطن روانگی سے قبل صحافیوں کے سوالات کا جواب دینے سے گریز کیا

بقیہ نمبر 50

2025 پیش کیا گیا۔ بل پر بات کرتے ہوئے سینیٹر شمینہ زہری کا کہنا تھا بچوں کو انرجی ڈرنکس کے نام پر بہت مضر صحت چیزیں دی جا رہی ہیں، لال رنگ کی انرجی ڈرنکس دل کے دورے کا باعث بن رہی ہے۔

بقیہ نمبر 51

(شرح سود) کم کرنے کی ہے، ایک فیصد شرح سود کم کرنے سے قومی خزانے کو 594 ارب روپے کا فائدہ ہوگا، حکومت نے ایک سال میں 1567 ارب روپے بھتہ لیوی وصول کیا ہے

بقیہ نمبر 52

کی سینئر ڈائریکٹر ایریکا گویرا نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی بستیاں غیر قانونی قبضے، الحاق اور نسلی صفائی کا باعث بن رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 53

حاصل شدہ ہونی چاہیے، جبکہ عالمی سپلائرز کی جانب سے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن کی پیشکش ہی قابل قبول ہوگی۔

بقیہ نمبر 54

کے وزیر خارجہ گیڈیون ساعر نے کہا کہ اسرائیل یروشلم میں برطانیہ کا قونصل خانہ بند کر دے گا۔

بقیہ نمبر 55

کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ملک کی مجموعی امن و امان اور سیاسی صورتحال سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق جنوبی پنجاب سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی کے نمائندوں کے ایک وفد نے بھی قائم مقام صدر سے ملاقات کی اور انہیں اپنے اپنے علاقوں سے متعلق امور سے آگاہ کیا۔ وفد میں ملتان سے پیپلز پارٹی کے ایم پی اے کے ٹکٹ ہولڈر بیرسٹر مدثر شاہ، ضلع لودھراں کے پیپلز پارٹی کے صدر امداد اللہ عباسی اور کبیر والا، ضلع خانیوال سے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر زمان لنگڑیال شامل تھے۔ بعد ازاں علی عمر علوی نے بھی قائم مقام صدر سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ نمبر 56

نے عابد شیر علی کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ طریقے سے بات کر رہے ہیں، آپ بھی طریقے سے بات کریں۔ قرۃ العین مری اور دیگر اراکین نے عابد شیر علی اور ایمل ولی کے درمیان بیچ بچاؤ کرانے کی کوشش کی۔

بقیہ نمبر 57

کی جانب سے امریکی اڈے پر حملے کی فوری کوئی تصدیق نہیں کی گئی۔ روسی میڈیا کا کہنا ہے کہ اردن میں پینٹاگون کا ڈیفنس نظام ایرانی میزائل روکنے کیلئے فعال ہوگیا ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق امریکی فوجی اڈوں پر اصفہان، تہران، تبریز و خرم آباد سے درجنوں میزائل داغے گئے، اردن میں امریکی فوجی اڈے پر دو درجن سے زائد میزائل داغے گئے۔ سینٹ کام کے مطابق کارروائی پاسداران انقلاب کی جانب سے 2 روز کے دوران امریکی بحری جنگی جہاز کو 2 مرتبہ بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنانے کے بعد کی گئی۔ ایرانی بحریہ نے خبردار کیا تھا کہ کویت اور بحرین کی بندرگاہوں سے تمام آئل ٹینکروں کا عملہ انخلا کر جائے جہاں امریکی اہلکار ہیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ کویت اور بحرین کی بندرگاہوں پر لنگر انداز تمام آئل ٹینکرز فوری طور جگہ چھوڑ دیں

بقیہ نمبر 58

بھی پڑنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

اسلام آباد، اہلکار روڈ پر سیف سٹی کیمرہ کی مرمت کر رہا ہے

اقبال مغل کی بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ترقی قابلِ فخر: سرفراز مغل

تنظیم مغلیہ کی جانب سے مبارکباد، ترقی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے چیئرمین سرفراز مغل اور مرکزی کابینہ کے اراکین نے محمد اقبال مغل کو کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اسلام آباد میں بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفورسمنٹ ترقی پانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں چیئرمین سرفراز مغل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

لاہور، نادرا کے نام سے جعلی ویب سائٹ چلانے والے 2 ملزم گرفتار

ارسلان اور علی رضا سے 3 ٹیرابائٹ حساس ڈیٹا برآمد، این سی سی آئی اے

لاہور (صباح نیوز) نادرا کے نام سے مشابہ جعلی ویب سائٹ چلانے والے 2 ملزمان لاہور سے گرفتار کر لیے گئے۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق ملزمان محمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری فرح ناز اکبر کامسٹس آرٹ گیلری میں نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں

ٹیکسلا گینگ ریپ کرنیوالے درندے آزاد متاثرہ لڑکی کی جان کو خطرات لاحق

سی پی او آفس سے اسلام آباد پولیس تک شکایات، میڈیکل اور مقدمہ کے باوجود گرفتاری نہیں ہوئی

شواہد موجود، کسی بھی دباؤ، اثرورسوخ یا مداخلت سے بالاتر ہو کر معاملے کی تفتیش کی جائے، مطالبہ

ٹیکسلا/راولپنڈی (خصوصی تحقیقاتی رپورٹ سید عمر گردیزی) ٹیکسلا پولیس کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھاتے ہوئے گینگ ریپ کی متاثرہ لڑکی ایسٹر ڈیوڈ نے الزام عائد کیا ہے کہ مقدمہ درج ہونے کے باوجود نامزد افراد کو گرفتار کرنے کے بجائے معاملے کو مسلسل تاخیر کا شکار بنایا جا رہا ہے، جبکہ اسے مبینہ طور پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور مختلف ذرائع سے مقدمہ واپس لینے کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ دستیاب پولیس ریکارڈ کے مطابق واقعے کے حوالے سے سنگین دفعات کے تحت کارروائی عمل میں لائی گئی ہے اور متاثرہ فریق کی جانب سے پولیس حکام سے مسلسل رجوع کیا گیا۔ ریکارڈ میں دفعہ 375-A اور 367-A سمیت دیگر متعلقہ دفعات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پنشنرز سے متعلقہ امور نادرا کے سپرد کر دیئے گئے

نادرا کو ائف (API) کے ذریعے کنٹرولر جنرل اکاؤنٹس اور ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل کو منتقل کریگا

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) وفاقی حکومت نے پنشنرز کی بائیومیٹرک تصدیق اور پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کے انتظامی عمل سے کمرشل بینکوں کو نکال دیا، جبکہ نظر ثانی شدہ طریقہ کار کے تحت یہ ذمہ داری نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کو سونپ دی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری نئے طریقہ کار کے مطابق نادرا پنشنرز کے ڈیجیٹل لائف سگنلز محفوظ ایپلی کیشن پروگرامنگ انٹرفیس (API) کے ذریعے براہِ راست کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس اور ملٹری اکاؤنٹنٹ جنرل کو منتقل کرے گا۔ نئے نظام کے تحت کمرشل بینک صرف پنشن کی ادائیگی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

گوجرخان، دوسری شادی سرٹیفکیٹ کیلئے رشوت لینے والا یوسی سیکرٹری گرفتار

50 ہزار روپے رشوت طلب کی گئی 20 ہزار پر معاملہ طے ہوا، اینٹی کرپشن راولپنڈی نے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے

پنجاب حکومت کی انسدادِ بدعنوانی مہم کے دوران سرکاری اہلکاروں کے خلاف شکنجہ مزید سخت، شہری حلقوں کا اظہار اطمینان

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت کی جاری انسدادِ بدعنوانی مہم کے تحت اینٹی کرپشن راولپنڈی نے گوجرخان کی یونین کونسل پنجگراں میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر رشوت وصول کرنے والے سیکرٹری یونین کونسل منور حسین کو گرفتار کر لیا۔ اینٹی کرپشن حکام نے ٹریپ کارروائی کے دوران سیکرٹری سے 20 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان کی یونین کونسل پنجگراں کے علاقے ٹھیکریاں کے رہائشی شہری سہیل ساجد نے دوسری شادی کے لیے یونین کونسل سے سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے سیکرٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وفاقی بورڈ: انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتائج کا اعلان

پوزیشن ہولڈرز نے شاندار کارکردگی سے والدین، اساتذہ اور ملک کا نام روشن

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیم (FBISE)، اسلام آباد نے ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) پارٹ اوّل اور پارٹ دوم کے سالانہ امتحانات 2026 کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی دارالحکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

رنگ روڈ منصوبے کا دورہ
تعمیراتی کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے، کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے سیکرٹری ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ہمراہ رنگ روڈ راولپنڈی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام، پیشرفت اور باقی ماندہ تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران بھی ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر سلمان غنی کو منصوبے پر جاری تعمیراتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

تعلیم یافتہ خصوصی افراد ملکی ترقی میں کردار ادا کر سکتے ہیں، شاواز بلوچ

حکومت ڈس ایبلٹی ایکٹ کے تحت خصوصی افراد کو ملازمتیں فراہم کرے، ڈاکٹر عمران

لاہور (نمائندہ خصوصی) چیف ایگزیکٹو مئی ڈے فاؤنڈیشن برائے خصوصی افراد اور سماجی رہنما شاواز بلوچ کا انڈس ہاسپٹل لاہور کا دورہ، ہاسپٹل کے سی ای او ڈاکٹر عمران اور دیگر عملے نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران شاواز بلوچ نے ہاسپٹل انتظامیہ کو معذور افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی اہم تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور مستحق خصوصی افراد ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، ہاسپٹل کی انتظامیہ نے شاواز کی تجویز کو سراہتے ہوئے اس پر فوری اتفاق کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شاواز بلوچ نے انڈس ہاسپٹل انتظامیہ کو اعلیٰ تعلیم یافتہ اور مستحق خصوصی افراد کی CVs بھی فراہم کیں تاکہ انہیں روزگار کے مواقع فراہم کیے جا سکیں، سی ای او ڈاکٹر عمران نے کہا کہ انڈس ہاسپٹل ہمیشہ سماجی فلاح اور مساوی مواقع کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مسئلہ کشمیر پاکستان کی قومی ترجیح، نواز شریف کا کردار ہمیشہ مثالی رہا، سحرش قمر

میرپور (نمائندہ خصوصی) ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر محترمہ سحرش قمر نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں پاکستان کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ سیاسی و ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی، دانش مندانہ پالیسی اور مضبوط ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے ہی کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کا امن، استحکام اور معاشی ترقی پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ ملک کی سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

سی ڈی اے کی شجرکاری مہم بھرپور انداز میں جاری

شہر کو خوبصورت بنانے کے لیے انوائرنمنٹ ونگ کی بھرپور سرگرمیاں جاری

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے انوائرنمنٹ ونگ کی جانب سے اسلام آباد بھر میں درختوں اور پودوں کی شجرکاری مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ وفاقی دارالحکومت کی اہم شاہراہوں، گرین بیلٹس، پارکس، عوامی مقامات، سڑکوں کے درمیان موجود گرین میڈینز، چوراہوں اور دیگر مختلف مقامات پر وسیع پیمانے پر شجرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کہوٹہ لاء کالج کے زیرِ اہتمام میلادِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس

راولپنڈی (پ ر)/کہوٹہ لاء کالج کے زیرِ اہتمام عظیم الشان سالانہ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کے پروگرام اور انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ 11 ستمبر بروز جمعہ ممتاز مذہبی سکالر چیئرمین کہوٹہ لاء کالج پروفیسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ظہران ممدانی نائن الیون سے متعلق اہم دستاویزات منظرِ عام پر لے آئے

نیویارک (صباح نیوز) نیویارک کے میئر ظہران ممدانی نے کہا ہے کہ 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کے بعد شہریوں کو گراؤنڈ زیرو کے قریب زہریلی ہوا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی کچہری، گاڑی سے وکیل کی لاش برآمد

وکلا کی جانب سے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی جوڈیشل کمپلیکس کی پارکنگ میں کھڑی گاڑی سے معروف قانون دان ثناء اللہ ستی ایڈووکیٹ کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق وکیل کو مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنایا گیا جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پیر عبدالوسید سعید جیلانی یورپ کے دورے پر روانہ

اڈیالہ (نامہ نگار) پیر عبدالوسید سعید جیلانی المعروف پیرستی یورپ کے دورے پر روانہ۔ عزیز و اقارب نے انٹرنیشنل ایئرپورٹ اسلام آباد سے روانہ کیا۔ وہاں اپنے بیٹے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

گوجرخان، خاتون سے دست درازی کرنیوالا اشتہاری گرفتار

اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، انعم شیر

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس کی کارروائی، خاتون سے دست درازی کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والا اشتہاری گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خاتون سے دست درازی کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے اشتہاری کو گرفتار کر لیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق ملزم اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد پولیس کا جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر جدید ٹیکنالوجی سے لیس

ہنگامی صورتحال میں فوری پولیس رسپانس یقینی بنانے کے لیے جدید نظام متعارف

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے جدید کمانڈ کنٹرول کمیونیکیشن اینڈ کوآرڈینیشن سینٹر کا دورہ کیا جہاں انہیں جدید مانیٹرنگ اور کمانڈ سسٹم سیف سٹی سے مربوط نظام فیلڈ فورس کی نگرانی ایمرجنسی رسپانس اور مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ آئی جی اسلام آباد نے سینٹر میں نصب جدید ٹیکنالوجی اور مانیٹرنگ سسٹمز کا جائزہ لیا اور مختلف آپریشنل امور سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ حکام نے بتایا کہ جدید سینٹر کے ذریعے اسلام آباد پولیس کے مختلف یونٹس کی معلومات اور آپریشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے نرس رضیہ نورین ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کے ہمراہ امریکی ایمبیسی کے ناظم الامور اینڈی ہاکرز و دیگر کا گروپ فوٹو

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 13 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 2200 گرام چرس اور مختلف بور کے 3 پستول معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے جاری کریک ڈاؤن کے دوران 13 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 9 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کے قبضے سے 2200 گرام چرس اور مختلف بور کے 3 پستول معہ ایمونیشن برآمد کیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کی جانب سے مجرمان اشتہاری سابقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مری میں پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کا عمل شفاف بنانے کا فیصلہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) ملک راشد نعمت کی زیرِ صدارت مری ڈی آر اے اجلاس، اہم فیصلے

مری (نمائندہ خصوصی) مری میں پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کا عمل شفاف بنانے کا فیصلہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) ملک راشد نعمت کی زیرِ صدارت مری ڈی آر اے اجلاس ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ضلع مری میں پرائیویٹ سکولوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ملتان، شہری گرمی سے بچنے کے لیے روڈ کنارے ٹوپی اور عینکیں خرید رہے ہیں

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات فوری کرائے جائیں اشتیاق گیلانی

اختیارات اور مالی وسائل دیے جائیں اور مقامی حکومت کے نظام کو مستقل بنیادوں پر مضبوط کیا جائے

مقامی حکومت کے بغیر اختیارات نچلی سطح تک منتقل نہیں ہو سکتے، ڈاکٹر خلیل احمد ڈوگر کی پریس کانفرنس

حیدرآباد، سخت گرمی میں سڑک کنارے کھڑے ٹرک میں مزدور کام کر رہے ہیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سول سوسائٹی کی نمائندہ تنظیموں نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات فوری کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مضبوط جمہوریت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے لیے مقامی حکومت کا فعال نظام ناگزیر ہے۔ قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کے ساتھ ساتھ بلدیاتی انتخابات بھی بروقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، سی ای او یوگڈ تنظیم سید اشتیاق گیلانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہری پور، دو طالب علموں اور 14 سالہ لڑکی سے مبینہ زیادتی

ہری (آئی این پی) ضلع ہری پور کی حدود میں ایک ہی دن میں زیادتی کے افسوسناک واقعات پیش آئے جس میں ملوث 8 نامزد ملزمان میں سے 7 کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پنیاں کی حدود میں دو فرسٹ ایئر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

آزاد کشمیر کی نئی حکومت سے بھی بڑی امیدیں ہیں: شازیہ فرید

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی شازیہ فرید نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت عوام کی فلاح و بہبود، ملکی معیشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان کے درآمدی بل پر دباؤ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، عاطف اکرام شیخ

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) عاطف اکرام شیخ نے خطے میں بڑھتی کشیدگی اور اس کے عالمی و ملکی معیشت پر ممکنہ اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کاروباری برادری کیلئے شدید تشویش کا باعث ہے۔ اپنے بیان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد کو صوبائی درجہ ملنے سے عوامی مسائل حل ہونگے: عمر مغل

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور راجہ خرم نواز کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان مسلم لیگ (ن) این اے 48 کے صدر عمر مغل نے اسلام آباد کو صوبائی درجہ دینے کی تجویز کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت کو صوبائی حیثیت ملنا ایک خوش آئند اور دوررس نتائج کا حامل اقدام ثابت ہو سکتا ہے اس سے اسلام آباد کے شہریوں کو درپیش انتظامی، بلدیاتی اور بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل کے حل میں مدد ملے گی جبکہ عوامی معیارِ زندگی بھی بلند ہوگا اپنے ایک بیان میں عمر مغل نے کہا کہ نئے صوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں آبادی میں مسلسل اضافے شہری پھیلاؤ اور بڑھتی ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

تبت میں 3.5 شدت کا زلزلہ، شہری گھروں سے باہر نکل آئے

بیجنگ (آئی این پی) چین کے علاقے تبت میں 3.5 شدت کے زلزلے نے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلا دیا، زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی لوگ گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

بنیادی تعلیم کے لئے کتب خانوں کا کردار محرک

ادارہ تعلیم و آگہی (ITA) کا عالمی یوم خواندگی 2026 منایا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ادارہ تعلیم و آگہی (ITA) نے محکمہ کتب خانہ جات پنجاب کے تعاون سے "بنیادی تعلیم کے لیے کتب خانوں کا کردار بطور محرک" کے موضوع کے تحت قائدِ اعظم لائبریری، لاہور میں عالمی یوم خواندگی 2026 منایا۔ اس تقریب میں پالیسی سازوں، اسکول سربراہان، قصہ گوں اور بنیادی تعلیم کے سفیر شریک ہوئے تاکہ اس بات پر غور کیا جا سکے کہ کس طرح فعال کتب خانے پڑھنے کے شوق کو اجاگر کر سکتے ہیں اور پنجاب و پاکستان بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

لاہور، فیصل آباد، کراچی میں موسمیاتی خطروں سے نمٹنے کی کم ترین صلاحیت

اسلام آباد (آئی این پی) دنیا کے بڑے شہروں کی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت کے جائزے کی رپورٹ میں پاکستان کے 4 بڑے شہر بھی شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

فتنہ الہندوستان کے سافٹ ٹارگٹس پر وار شروع، بلوچستان ترقی متاثر

امن دشمن تنظیم کی عوامی حقوق کے نام نہاد دعوؤں کی مکروہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں مسلسل ہزیمت کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار فتنہ الہندوستان نے سافٹ ٹارگٹس پر وار شروع کر دیئے۔ شرپسند تنظیم کی دہشتگردانہ کارروائیاں عام بلوچ شہری، مزدور اور تاجر کو براہ راست متاثر کر رہی ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر علاقے میں خوف و ہراس پھیلانے کی مذموم کوشش کرتے ہیں۔ تجارتی سرگرمیاں، ٹرانسپورٹ اور ترقیاتی منصوبوں پر حملے بلوچستان کے عوام کو روزگار اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر مری کا تحصیل ہیڈکوارٹر کا اچانک دورہ

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری کا اچانک دورہ کیا، جہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

گوجرخان، 8 سالہ یتیم بچے کی نعش کنویں سے برآمد

ریسکیو 1122 اور پولیس کی موجودگی میں ریکور، علاقہ میں سوگ کی فضا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کے نواحی علاقے جیرو رتیال کی ڈھوک گوندل سے گزشتہ روز لاپتہ ہونے والے 8 سالہ یتیم بچے محمد آیان علی کی نعش ایک کنویں سے برآمد، علاقے میں سوگ کی فضا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 گوجرخان اور پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے، ریسکیو اہلکاروں نے کارروائی کرتے ہوئے کمسن محمد آیان علی کی نعش کنویں سے نکال لی۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

مسلم کانفرنس مجلس عاملہ کا اجلاس 12 ستمبر کو راولپنڈی میں طلب

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس مرکزی مجلس عاملہ/ جنرل کونسل کا اجلاس 12 ستمبر صبح 10 راولپنڈی میں طلب کر لیا گیا ہے، اجلاس میں ممبران مرکزی مجلس عاملہ کے علاوہ مرکزی عہدیداران، سابق ٹکٹ ہولڈرز، آزاد کشمیر کے ڈویژنل، ضلعی اور سٹی صدور اور پاکستان سے صوبائی، سرکل ہا، ضلعی اور سٹی صدور اور جنرل سیکرٹری صاحبان شرکت کریں گے



کراچی، محنت کشوں نے فٹ پاتھ پر کتابوں کے سٹال سجا رکھے ہیں

کوٹری، کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں

اپ ٹریک مکمل بند، ڈاؤن ٹریک سے گاڑیوں کی آمد و رفت جاری، ریلوے حکام

حیدرآباد (آئی این پی) کوٹری اسٹیشن کے قریب کوئلے سے بھری مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے میں ریلوے ٹریک کو نقصان پہنچا ہے، جس کے بعد اپ ٹریک مکمل طور پر بند ہے، جبکہ ڈاؤن ٹریک سے گاڑیوں کی آمد و رفت جاری ہے۔ ریلوے حکام نے بتایا ہے کہ ریلوے ٹریک کی مرمت اور بحالی کا کام جاری ہے

اڈیالہ روڈ، تیز رفتار الیکٹرک بس نے ننھی طالبہ کی جان لے لی

ٹینکر، ٹریکٹر، ہیوی پبلک ٹرانسپورٹ کی رفتار کی نگرانی کی جائے، اہلیان علاقہ

اڈیالہ (نامہ نگار) اڈیالہ روڈ پر تیز رفتار الیکٹرک بس نے ننھی طالبہ کی جان لے لی۔ معصوم بچی موقع پر دم توڑ گئی، جائے حادثہ پر شوز اور ٹوٹا ہوا لنچ باکس دیکھ کر ہر آنکھ اشکبار ہو گئی۔ جیل قیدیوں کی بسیں، واٹر ٹینکر، ٹریکٹر، ہیوی اور پبلک ٹرانسپورٹ کی رفتار کی نگرانی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)